★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایگزیکٹو
حاجی ملک محمد وحید

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 16 | جمعۃ المبارک 17 محرم الحرام 1448ھ، 3 جولائی 2026ء، 19 بھادوں 2082ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 194

چیف جسٹس

نظامِ انصاف میں بہتری فیصلوں سے نہیں موثر عملدرآمد سے آئیگی

نظامِ انصاف میں قیدیوں کے حقوق کو کلیدی حیثیت حاصل ہے، جیلوں کے حالات بہتر بنانا صوبائی حکومتوں کی ذمہ داری ہے۔ سپریم کورٹ میں جیل اصلاحات پر قومی کانفرنس ہو رہی ہے

نظامِ انصاف میں احتساب کو یقینی بنایا جا رہا ہے، فوجداری نظامِ انصاف کسی بھی معاشرے کیلئے بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ جیلوں کی حالت زار بہتر بنانیکیلئے صوبائی سطح پر کمیٹیاں قائم کی گئیں،

اسلام آباد، وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسلام آباد (نیوز نیوز) چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی نے کہا ہے کہ نظامِ انصاف میں قیدیوں کے حقوق کو کلیدی حیثیت حاصل ہے، جیلوں کے حالات بہتر بنانا صوبائی حکومتوں کی ذمہ داری ہے۔ سپریم کورٹ میں جیل اصلاحات پر قومی کانفرنس ہو رہی ہے جس میں چاروں وزرائے اعلیٰ لاہور، پشاور، بلوچستان اور سندھ ہائیکورٹس کے چیف جسٹس شریک ہیں، چیف جسٹس (بقیہ نمبر 47)

امریکا کا مقبوضہ بیت المقدس میں مستقل سفارتخانہ تعمیر کرنے کیلئے معاہدہ

حل ایبے (این این آئی) امریکا نے مقبوضہ بیت المقدس (یروشلم (میں نیا اور مستقل سفارت خانہ تعمیر کرنے کے لیے باضابطہ معاہدے پر دستخط کر دیئے۔ تفصیل کے (بقیہ نمبر 46)

افغان طالبان رجیم کی جارحانہ پالیسیوں اور یورپی دورے کیخلاف برازیل میں بڑا مظاہرہ

افغان طالبان رجیم کی جارحانہ پالیسیوں اور دورہ برسلز کے خلاف دنیا بھر میں احتجاجی لہر برقرار

برازیل احتجاج ثابت کرتا ہے کہ مالی رائے عامہ طالبان رجیم کی کسی بھی قسم کی نارمالائزیشن کے سخت خلاف ہے

برازیلیا (این این آئی) افغان طالبان رجیم کی جارحانہ پالیسیوں اور یورپی دورے کے خلاف برازیل میں بڑا احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق افغان طالبان رجیم کی جارحانہ پالیسیوں اور دورہ برسلز کے خلاف دنیا بھر میں احتجاجی لہر ٹھہر نہ سکی اس حوا (بقیہ نمبر 45)

اسلام آباد: قومی اسمبلی کے سابق رکن اور پاکستان مسلم لیگ (ن) خیبر پختونخوا کے سیکرٹری جنرل مرتضیٰ جاوید عباسی کی وزیراعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات

FBR میں کرپٹ عناصر کی کوئی جگہ نہیں

وزیر اعظم

وفاقی وزیر برائے پبلک انٹرپرائز ٹیوٹ رانا مشہد اقبال، وزیر مملکت برائے پاور عبدالرحمٰن خان کانجو اور وزیراعظم کے معاون خصوصی طلحہ بری بھی ملاقات میں موجود تھے۔ ملاقات میں ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

عوامی خدمت کے ایجنڈے کو مزید تیزی سے آگے بڑھایا جائے اور عوامی مسائل کے حل کو اولین ترجیح دی جائے آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کی ترقی، خوشحالی اور عوامی فلاح کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں گے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اپنی حکومت کے عوامی خدمت کے ایجنڈے کو مزید تیزی سے آگے بڑھانے اور عوامی مسائل کے حل کو اولین ترجیح دینے کی ہدایت کی ہے۔ وہ وفاقی وزیر برائے امور کشمیر و گلگت بلتستان امیر مقام سے گفتگو کر (بقیہ نمبر 45)

اسلام آباد: وفاقی وزیر عطا تارڑ اور لداخ اسپورٹس جرنلسٹس ڈے کی تقریب میں کیک کاٹ رہے ہیں

جنیف عباسی کا پاکستان ریلوے کو مکمل طور پر ڈیجیٹل ادارہ بنانے کا عزم

تمام جاری و مجوزہ منصوبوں کی بروقت تکمیل اور ڈیجیٹل خدمات کو مزید تیز رفتار اور عوام دوست بنانے کا فیصلہ

پاکستان ریلوے اپنی 78 سالہ تاریخ کی ریکارڈ ڈیجیٹلائزیشن کر رہا ہے اور ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن کے میدان میں سب سے آگے ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے پاکستان ریلوے کو مکمل طور پر ڈیجیٹل ادارہ بنانے کا عزم کرتے ہوئے تمام جاری و مجوزہ منصوبوں کی بروقت تکمیل اور ڈیجیٹل خدمات کو مزید تیز رفتار اور عوام دوست بنانے کا فیصلہ کیا ہے۔ وفاقی وزیر (بقیہ نمبر 43)

وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

روس کا یوکرینی دارالحکومت کیف پر میزائلوں اور ڈرونز سے حملہ، 8 افراد ہلاک

کیف (این این آئی) روس نے ایک دفعہ پھر یوکرینی دارالحکومت کیف کو (بقیہ نمبر 42)

ممبئی کے ساحل پر 26 فٹ لمبا ہمپ بیک وہیل کا بچہ ہلاک

ممبئی (این این آئی) بھارت کے شہر ممبئی کے ساحلی علاقے باندرہ میں ایک 26 فٹ لمبا ہمپ بیک وہیل کا بچہ ساحل پر پھنس (بقیہ نمبر 35)

کھیل معاشرے میں مثبت سوچ فروغ، نوجوان چڑھتے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں

عطاء اللہ تارڑ

سپورٹس جرنلسٹس کھیلوں کی سرگرمیوں کو مدد رانہ اور پیشہ ورانہ انداز میں عوام تک پہنچانے میں کلیدی کردار ادا کر رہے ہیں

ان کی فلاح و بہبود، بہتری اور سپورٹس جرنلزم کے فروغ کے لئے دی جانے والی تجاویز پر حکومتی سطح پر ہر ممکن عمل درآمد کیا جائے گا، عطاء اللہ تارڑ کا خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ کھیل معاشرے میں مثبت سوچ کے فروغ اور سپورٹس مین سپرٹ کو پروان چڑھانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، سپورٹس جرنلسٹس کھیلوں کی سرگرمیوں کو مدد رانہ اور پیشہ ورانہ انداز میں عوام تک پہنچانے میں کلیدی کردار ادا کر رہے ہیں، ان کی فلاح و بہبود، بہتری اور سپورٹس جرنلزم کے فروغ کے لئے (بقیہ نمبر 41)

سانحہ کاہنہ کی رپورٹ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کو بھجوا دی گئی

چھت پر زیادہ وزن ڈالنے سے چھت گری، ٹی آر گاڑ کی چھت پر بچوں کی موجودگی میں مٹی ڈالوانا انتہائی غیر ذمہ داری تھی

کمرہ ڈھانچہ انتظامی بوجھ برداشت نہ کر سکا، ہاسٹل کی حفاظتی رکاوٹ کی کمی کی ذمہ داری کس پر ہوگی؟ رپورٹ

سانحہ کاہنہ کی رپورٹ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کو بھجوا دی گئی۔ رپورٹ (بقیہ نمبر 39)

پیٹرول اور ڈیزل پر کلائمیٹ سپورٹ لیوی میں اضافہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے یکم جولائی سے پیٹرول اور ڈیزل پر کلائمیٹ سپورٹ لیوی میں اضافہ (بقیہ نمبر 40)

چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کا پاکستان۔ پرتگال تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں پرتگال کے سفیر پاؤلو سیگیرا کوئیرس ڈومینگیز نے بدھ کو پارلیمنٹ ہاؤس (بقیہ نمبر 37)

اسلام آباد: چیئرمین سینیٹ، سید یوسف رضا گیلانی پاکستان میں پرتگال کے سفیر سے ملاقات کر رہے ہیں

ایک قوم، ایک نظام' ون کے تحت ملک بھر میں ای پیز 2.0 کی لانچنگ کی تیاریاں مکمل

گزشتہ سال کے دوران ای پیز کے استعمال سے انتظامی اخراجات میں 20 ارب 20 کروڑ روپے کی بچت ریکارڈ

اسلام آباد (این این آئی) پبلک پروکیورمنٹ ریگولیٹری اتھارٹی نے ایک قوم، ایک نظام' ون کے تحت ای پیز 2.0 کی لانچنگ (بقیہ نمبر 38)

قطر اور پاکستان کے نائب وزراء کی ایرانی مذاکرات کاروں سے ملاقاتیں

باچیت جاری رکھنے پر اتفاق

ایرانی سپریم لیڈر کی تدفین کے بعد مذاکرات کی نئی تاریخ طے کی جائے گی، ترجمان دفتر خارجہ کا اعلامیہ جاری

سابق سپریم لیڈر کی نماز جنازہ اور تدفین سے متعلق مرکزی تقریبات 7 جولائی کو قم میں منعقد ہوں گی، رپورٹ

اسلام آباد اور دوحہ اور اسلام آباد (این این آئی) اور کراڈ ڈیسنگ میں بڑے پیمانے پر مہم کا بھی جاری رکھے ہوئے ہے ذمہ داری کے ساتھ دنیا بھر میں (بقیہ نمبر 29)

مائیکروسافٹ میں 5500 سے زائد ملازمین کی نوکریاں خطرے میں پڑنے کا امکان

مائیکروسافٹ مصنوعی ذہانت (AI) اور کلاؤڈ کمپیوٹنگ میں بڑے پیمانے پر مہم کا بھی جاری رکھے ہوئے ہے

نیویارک (این این آئی) امریکی ٹیکنالوجی کمپنی مائیکروسافٹ آئندہ ہفتے ملازمین کی ایک تہائی تعداد کو فارغ کرنے کا اعلان کر سکتی ہے، جس کے تحت دنیا بھر میں (بقیہ نمبر 29)

لاہور سینیٹر سعویٰ وزیر مریم اورنگزیب خاندانی منصوبہ بندی کے حوالے سے سیمینار سے خطاب کر رہی ہیں

بھارتی طالبعلم عمر خالد کا مودی سے اختلاف رائے، نوجوان کا مستقبل جیل کی نذر

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی طالب علم عمر خالد کا مودی سے اختلاف رائے کیا مانے آئے نے بعد نوجوان کا مستقبل جیل (بقیہ نمبر 34)

پاکستانی قونصل جنرل حسین محمد کی دوبئی میں تیسری ٹیک چیلنج 2026 کی ورلڈ چیمپئن اعزازی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت

دبئی (این این آئی) پاکستان کے قونصل جنرل حسین محمد نے بدھ (بقیہ نمبر 33)

بھارت میں مساجد اور مدارس کیخلاف بلڈوزر کارروائیاں، مسلم دنیا خاموش

بھارت میں مسلمانوں کا جینا دوبھر ہو چکا ہے لیکن مسلم دنیا کے حکمران خاموش تماشائی کا کردار ادا کر رہے ہیں

عالمی برادری مسلمانوں کیخلاف ہونیوالی کارروائیوں کا نوٹس لے، بھارتی مسلمانوں کی عالمی برادری سے اپیل

لکھنؤ (این این آئی) بھارت میں مودی حکومت نے بھارت بھر میں مسلمانوں کے گھروں، مساجد، مدارس (بقیہ نمبر 28)

کنسٹرانفورسمنٹ پٹاور کا اسمگلنگ کے خلاف موٹر وے کریک ڈاؤن 1.16 ارب روپے سے زائد مالیت کا اسمگل شدہ سامان اور ان ڈیوٹی پیڈ گاڑیاں ضبط

اسلام آباد (این این آئی) کنفڈریٹ آف کنسٹرانفورسمنٹ پٹاور نے ٹریشر دو ہفتوں کے دوران انٹیلی جنس پر مبنی کاروائی (بقیہ نمبر 27)

اتر اکھنڈ، مدرسہ بورڈ تحلیل، مائنارٹی ایجوکیشن ایکٹ لاگو

دہرادون (این این آئی) بھارتی ریاست اتراکھنڈ میں حکومت نے مدرسہ بورڈ تحلیل کر کے مائنارٹی ایجوکیشن (بقیہ نمبر 30)

برطانیہ میں شدید گرمی، جون 142 سالہ تاریخ کا دوسرا گرم ترین مہینہ قرار

کئی علاقوں میں درجہ حرارت 37 ڈگری سینٹی گریڈ سے زیادہ رہا، برطانوی محکمہ موسمیات

لندن (این این آئی) برطانیہ میں شدید گرمی سے عوام بے حال ہو کر رہ گئے ہیں، جون کا مہینہ 142 سالہ تاریخ کا دوسرا گرم ترین مہینہ ریکارڈ ہوا ہے۔ برطانیہ میں جو (بقیہ نمبر 31)

سپریم لیڈر کو قتل کرنے کی اسرائیلی دھمکی ریاستی دہشت گردی ہے، ایران

اس دھمکی کو ایران کے خلاف اسرائیلی حکومت کی غیر قانونی جارحانہ کارروائیوں سے جوڑا، جن میں مرحوم ایرانی رہنما آیت اللہ سید علی خامنہ ای اور دیگر اعلیٰ سیاسی و عسکری حکام کا قتل شامل ہے

اسرائیلی وزیر دفاع اسرائیل کاٹز کی یہ دھمکی ایرانی حکومتی عہدیداروں کو نشانہ بنانے کی ایک سوچی سمجھی اور منظم ریاستی دہشت گردی کی پالیسی کا حصہ ہے

نیویارک (نیوز نیوز) اقوام متحدہ میں ایران کے سفیر امیر سعید ایرانی نے اسرائیل کی جانب سے ایران سے کہ سپریم لیڈر تیجتی خامنہ ای کو قتل کرنے کی حالیہ دھمکی کے خلاف اقوام متحدہ میں باضابطہ احتجاج درج کرایا ہے۔ اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوٹریس، سلامتی کونسل اور جنرل اسمبلی کو لکھے گئے ایک خط میں امیر سعید ایرانی نے کہا کہ اسرائیلی وزیر دفاع (بقیہ نمبر 25)

جنوبی کوریا میں مہنگائی کی شرح 30 ماہ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی

سیول (این این آئی) جنوبی کوریا میں جون 2026 کے دوران صارفین کیلئے مہنگائی کی شرح بدھ کو گزشتہ 30 ماہ کی بلند (بقیہ نمبر 23)

معرکہ حق، بھارتی اپوزیشن کا فوج کی بلاکتیں چھپانے پر وزیر دفاع سے استعفے کا مطالبہ

نئی دہلی (این این آئی) بھارت کی حزب اختلاف کی جماعت کانگریس نے پاکستان سے سیمی 2025 میں ہونے (بقیہ نمبر 22)

سعودی عرب، دمام میونسپلٹی نے چھ ماہ کے دوران اکثر میں 60 ترقیاتی منصوبے مکمل کر لئے

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کے دمام میونسپلٹی نے چھ ماہ کے ابتدائی چھ ماہ کے دوران اکثر میں 60 (بقیہ نمبر 17)

لاہور: اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خاں، ساہیوال میں نجی کالج کے طلبہ وطالبات سے حلف لے رہے ہیں

انجکشن دوبارہ استعمال کیے جانے کے باعث ایچ آئی وی وائرس سے 9 بچے جاں بحق، سیکڑوں مرض کا شکار

قانونی نوٹس کے بعد انکوائری تو کرائی گئی، لیکن اس کی رپورٹ نہ عدالت میں پیش کی گئی اور نہ ہی درخواست گزار کو فراہم کی گئی، وکیل

مرنا سب کو ہے لیکن عدالت طریقہ کار کے مطابق ہی کارروائی کریگی، جسٹس عدنان کریم، عدالت نے حکومت سے رپورٹ طلب کرلی

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ نے آئی ایچ ایس کے ضمنی ملازمین کے بچوں میں حکومت سندھ کے زیر انتظام اسپتال میں مبینہ طور پر ایچ آئی وی وائرس پھیلنے سے متعلق درخواست پر حکومت سندھ سے دو ہفتوں میں رپورٹ طلب کر لی۔ درخواست گزار کے وکیل طارق منصور ایڈووکیٹ نے موقف اختیار کیا کہ کلفٹن ہائی وے کا اسپتال میں مبینہ طور پر استعمال شدہ انجکشن دوبارہ استعمال کیے جانے کے باعث بچوں میں ایچ آئی وی وائرس پھیلا۔ ان کے مطابق 9 معصوم بچے جاں بحق ہو چکے ہیں جبکہ سیکڑوں بچے اس مرض کا شکار ہیں۔ وکیل نے عدالت کو بتایا کہ 9 بچوں کی ہلاکت کو آٹھ ماہ گزر چکے ہیں، تاہم اب تک کسی کے خلاف (بقیہ نمبر 21)

پنجاب ریونیو اتھارٹی کی ٹیکس وصولیوں میں اضافہ، 367 ارب وصولی کا نیا ریکارڈ قائم

حکومت نے مالی سال 2026-27 کے لیے پنجاب ریونیو اتھارٹی کا 528 ارب روپے ٹیکس وصولی کا ہدف دیا ہے جبکہ ٹیکس پالیسی آفیسر نے مالی سال 2025-26 کے دوران اپنی تاریخ ٹیکس وصولیاں کیں۔ ترجمان (بقیہ نمبر 24)

لاہور: جمعیت علماء اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن وفاقی المدارس کے انتخابی اجلاس میں علماء سے خطاب کر رہے ہیں

امریکا اسرائیل کو لگام ڈالے ورنہ ہم ڈال دیں گے، عباس عراقچی

اگر اسرائیل نے اپنے آقا (امریکا) کے حکم کو نظر انداز کیا تو ایران انہیں خود اچھی طرح سبق سکھائے گا

اسرائیل اب تک ایران پر وار بندگی کے حملے کر چکا ہے اور اگر ضرورت پڑی تو وہ تیسری بار بھی ایران کو نشانہ بنائے گا

تہران (این این آئی) ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے اسرائیلی وزیر دفاع اسرائیل کاٹز کے بیان کو سخت رد عمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ ایران اپنے قومی مفادات اور قیادت کے تحفظ کے لیے تیار ہے اور کسی بھی قسم کی جارحیت کا فوری اور شدید جواب دے گا۔ ساجی رالا (بقیہ نمبر 20)

آئی ایس آئی کو جو ہری تنصیبات تک رسائی نہیں دینگے، باقر قالیباف

تہران (این این آئی) ایران کے اعلیٰ مذاکرات کار اور پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر قالیباف نے بین الاقوامی جوہری توانائی ایجنسی کو ایران کے جوہری تنصیبات تک رسائی دینے والی خبروں کی تردید کر (بقیہ نمبر 19)

وفاقی دارالحکومت میں زمینوں کی خرید و فروخت، رجسٹریشن، انتقال پر عائد پابندی غیر قانونی

حکام غیر قانونی اقدامات کے خلاف کارروائی ضرور کریں، مگر اس کے لیے قانونی طریقہ کار اپنایا جائے، ہائی کورٹ

جائیدادوں کی رجسٹریشن اور انتقال کے معاملات قانون اور مقررہ طریقہ کار کے مطابق چلائیں

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے شاہ اللہ دتہ، سرائے خربوزہ اور سنگھانی میں زمین کی خرید و فروخت اور انتقال پر عائد انتظامی پابندی غیر قانونی قرار دے دی۔ جسٹس محمد آصف نے فضل عباس ہاشمی کی درخواست میں تحریری فیصلہ جاری کر دیا، درخواست گزار شہری کی جانب سے کیس کی پیروی کاشف علی ملک نے کی۔ اسلام آباد ہائیکورٹ نے کہا کہ جائیدادوں کی رجسٹریشن اور انتقال کے معاملات قانون اور مقررہ طریقہ کار کے مطابق چلائیں، (بقیہ نمبر 17)

پاکستان ہاکی کی بحالی کا بڑا قدم، ڈچ ماہر ہرمن کروس دو سال کے لیے قومی کوچنگ ایڈوائزر مقرر

سینئر اور جونیئر ٹیموں کے لیے جدید ہائی پرفارمنس سسٹم متعارف کرائیں

ورلڈ کپ کے بعد ایشین گیمز سمیت بڑے ایونٹس کی تیاریوں کی قیادت سنبھالیں گے

لاہور (این این آئی) پاکستان ہاکی فیڈریشن نے ملک میں ہاکی کے گرتے ہوئے معیار کو دوبارہ بلند کرنے اور کھیل کی بحالی کے لیے ایک بڑا قدم اٹھاتے ہوئے ہالینڈ (ڈچ) کے ماہر ہاکی کوچ اور ہاکی پرفارمنس کے ماہر ہرمن کروس کو باقاعدگی طور پر دو سال کے لیے پاکستان کا قومی ہاکی کوچنگ ایڈوائزر مقرر کر دیا ہے۔ ہرمن کروس ہاکی کی میں ایک انتہائی معزز اور تجربہ کار نام ہیں۔ وہ کئی دہائیوں کا بین الاقوامی تجربہ رکھتے ہیں اور یورپ سمیت ایشیا اور دیگر (بقیہ نمبر 16)

لاہور باغبانپورہ میں عمارت کی چھت گرنے کے بعد ریسکیو ٹیمیں اور اہل علاقہ جائے حادثہ پر پہنچ رہی ہیں

خیبر پختونخوا میں تباہی، پنجاب میں مختلف حادثات 9 فروری جاں بحق، 28 زخمی

بارشوں اور فلش فلڈ سے مجموعی طور پر 38 گھروں کو نقصان پہنچا، 2 گھر مکمل طور پر منہدم، مزید بارشوں کی پیشگوئی

محکمہ موسمیات کی آئندہ چوبیس گھنٹوں میں ملک کے بیشتر حصوں میں مزید بارش کی پیشگوئی، پی ڈی ایم کا بھی الرٹ

لاہور (این این آئی) پنجاب اور خیبر پختونخوا میں مون سون کے پہلے سپیل میں آسمانی بجلی گرنے، آندھی بارش اور سیلابی ریلے سے 9 افراد جاں بحق اور 8 زخمی ہوگئے۔ رپورٹ کے مطابق خیبر پختونخوا میں جاں بحق افراد میں 2 مرد، ایک خاتون اور 4 بچے شامل ہیں جبکہ زخمیوں میں 7 مرد، ایک خاتون اور 11 بچے شامل ہیں۔ بارشوں اور فلش فلڈ سے مجموعی طور پر 38 گھروں کو نقصان پہنچا، جن میں سے 2 گھر مکمل طور پر منہدم ہوگئے، خیبر، لوئر دیر، بونیر، مردان، شانگلہ، باجوڑ، لوئر چترال میں جانی و مالی نقصانات رپورٹ ہوئے خاتون اور 4 بچے شامل ہیں جبکہ زخمیوں میں 7 مرد، ایک خاتون اور 11 بچے شامل ہیں۔ بارشوں اور فلش فلڈ سے مجموعی طور پر 38 گھروں کو نقصان پہنچا، جن میں سے 2 گھر مکمل طور پر منہدم ہوگئے، خیبر، لوئر دیر، بونیر، مردان، شانگلہ، باجوڑ، لوئر چترال میں جانی و مالی نقصانات رپورٹ ہوئے ہیں۔ دوسری جانب پنجاب میں بارش اور آندھی سے 24 گھنٹوں میں 2 افراد جاں بحق، 9 زخمی ہوگئے، دیواریں، چھتیں اور سائن بورڈ گرنے سے مختلف اضلاع متاثر ہوئے، انگ میں دیوار گرنے سے 2 افراد جاں بحق، 3 زخمی ہوئے، شرقپور میں آسمانی بجلی گرنے (بقیہ نمبر 15)

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز

لاہور: صوبائی وزیر صحت و آبادی خواجہ عمران نذیر و سینئر منسٹر مریم اورنگزیب کے ہمراہ سیمینار میں شریک ہیں جبکہ دوسری تصویر میں سیکرٹری محکمہ صحت و آبادی نادیہ ثاقب بھی موجود ہیں

ملک کو درپیش بیشتر چیلنجز کا تعلق آبادی میں تیز رفتار اضافے سے ہے۔خواجہ عمران نذیر

اس مسئلے سے فوری اور مؤثر انداز میں نمٹنا وقت کی اہم ضرورت ہے صوبائی وزیر برائے صحت و آبادی

آبادی میں مسلسل اضافے کے اثرات معیشت، صحت، تعلیم اور دیگر سماجی شعبوں پر مرتب ہو رہے ہیں

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت و آبادی خواجہ عمران نذیر نے کہا ہے کہ ملک کو درپیش بیشتر چیلنجز کا تعلق آبادی میں تیز رفتار اضافے سے ہے، اس لیے اس مسئلے سے فوری اور مؤثر انداز میں نمٹنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ فیملی پلاننگ میں مزید سرمایہ کاری، شواہد اور مستند اعداد و شمار کی بنیاد پر منصوبہ بندی پالیسی سازی اور بہتر نتائج کے مطابق مؤثر عملدرآمد ہی متوازن آبادی کے مشن کو یقینی بنا سکتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مقامی این جی او کے زیر اہتمام محکمہ صحت و آبادی کے تعاون سے منعقدہ لرننگ ایونٹ کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں سینئر وزیر مریم اورنگزیب، ڈی سی شاہنواز، چیف آرمنظور وڈو، سیکرٹری صحت و آبادی نادیہ ثاقب اور برٹش ہائی کمیشن کے ڈپٹی ہائی کمشنر بین واگنگن بھی موجود تھے۔ خواجہ عمران نذیر نے کہا کہ آبادی میں مسلسل اضافے کے اثرات معیشت، صحت، تعلیم اور دیگر سماجی شعبوں پر مرتب ہو رہے ہیں۔ اگر ہم نے اپنی آنے والی نسلوں کو مضبوط، پائیدار معاشی طور پر مستحکم پاکستان دینا ہے تو فرسودہ روایات کو چھوڑنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ آج کی بیٹی ہر لحاظ سے بیٹے سے آگے ہے اور ہر فیلڈ میں کامیابیاں سمیٹ رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ شعبہ ادارہ جاتی عمل کے سلسلے سے نمٹنے کے لیے مؤثر خاندانی منصوبہ بندی کی سہولیات سے استفادہ کرنا ناگزیر ہے۔ خواجہ عمران نذیر نے کہا کہ محکمہ صحت و آبادی پنجاب کی پبلسٹی میں تین کوئلی پلاننگ کی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ پبلسٹی ویلفیئرز کو محکمہ صحت کے ساتھ ضم کیا گیا۔ اہم اصلاحاتی اقدام ہے، جس کے نتیجے میں خاندانی منصوبہ بندی اور صحت کی خدمات کو ایک ہی نظام کے تحت فراہم کرنا ممکن ہوا۔ انہوں نے مزید کہا کہ سرکاری صحت مراکز میں زچگی کے بعد خواتین کو فیملی پلاننگ کے حوالے سے کونسلنگ اور فیملی پلاننگ کے حوالے سے کموڈیٹیز/ضروری سہولیات بھی مہیا کی جا رہی ہیں۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ وقت آ گیا ہے کہ خاندانی منصوبہ بندی کے لیے بھی قومی سطح پر جامع ایکشن پلان ترتیب دیا جائے، آبادی کے مسئلے پر قابو پانے کے لیے قلیل مدتی اور طویل مدتی حکمت عملی پر بیک وقت عمل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کی قائم کردہ سوشل اکنامک رجسٹری سے مستقبل کی بہتر منصوبہ بندی ممکن ہو پائے گی۔ خواجہ عمران نذیر نے مزید کہا کہ کینیڈی ایملیو ایسکیلر پروگرام، فیملی ہسپتال، کلینک آن وہیلز اور دیگر طبی سہولیات کے ذریعے بہم پہنچائی جا رہی خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات بہم پہنچائی جا رہی ہیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ آبادی کے استحکام کے لیے حکومت کے ساتھ ساتھ ہر شہری کو بھی اپنی ذمہ داری ادا کرنا ہوگی۔

چین نے نیا بحری سیٹلائٹ کامیابی سے مدار میں بھیج دیا

بیجنگ (شہباز) چین نے شمال مغربی جیوچوان سیٹلائٹ لانچ سنٹر سے ایک نیا بحری سیٹلائٹ کامیابی سے مدار میں بھیج دیا۔ لانگ مارچ-4 بی راکٹ، جس میں ہائی یانگ-2 ای سیٹلائٹ نصب تھا، جمعرات کے روز صبح 7 بج کر 46 منٹ (بیجنگ وقت) پر روانہ ہوا اور سیٹلائٹ کو کامیابی کے ساتھ اپنے مقررہ مدار میں پہنچا دیا۔ یہ لانگ مارچ راکٹ سیریز کا 654واں مشن تھا۔

چین میں پہلے 5 ماہ کے دوران خدمات کی تجارت میں 6 فیصد اضافہ

بیجنگ (شہباز) چین میں 2026 کے پہلے 5 ماہ کے دوران خدمات کی تجارت میں گزشتہ سال کی نسبت 6 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ شماریاتی اور علم پر مبنی خدمات کی برآمدات میں نمایاں ترقی دیکھنے میں آئی۔ چین کی وزارت تجارت کی جانب سے جاری ہونے والے اعداد و شمار کے مطابق رواں سال جنوری سے مئی تک خدمات کی درآمدات اور برآمدات کا مجموعی حجم تقریباً 3.1 کھرب یوآن (تقریباً 4.455 ارب امریکی ڈالر) رہا۔ اعداد و شمار کے مطابق خدمات کی برآمدات 9.15 فیصد اضافے کے ساتھ 3.12 کھرب یوآن تک پہنچ گئیں، جبکہ درآمدات میں 4.0 فیصد اضافہ ہوا اور ان کا حجم 7.18 کھرب یوآن رہا۔ اس عرصے کے دوران خدمات کی تجارت کا خسارہ گزشتہ سال کے مقابلے میں 72.160 ارب یوآن کم ہو کر 56.638 ارب یوآن رہ گیا۔ اس مدت کے دوران علم پر مبنی خدمات کی تجارت میں گزشتہ سال کی نسبت 4.5 فیصد اضافہ ہوا اور اس کا حجم 7.13 کھرب یوآن تک پہنچ گیا، جو مجموعی خدماتی تجارت کا 2.44 فیصد بنتا ہے۔ علم پر مبنی خدمات کی برآمدات 2.12 فیصد بڑھ کر 75.667 ارب یوآن تک پہنچ گئیں، جن میں فنچیلی اثاثے کے استعمال کی فیس سے حاصل ہونے والی آمدنی میں 9.64 فیصد اور ذہنی ملکیتی و تفریحی خدمات کی برآمدات میں 1.50 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ سیاحتی خدمات کی برآمدات نے خدمات کی برآمدات کے 5 بڑے شعبوں میں سب سے تیز رفتار حاصل کی، جو 3.31 فیصد اضافے کے ساتھ 5.188 ارب یوآن تک پہنچ گئیں۔ نقل و حمل کی خدمات کی درآمدات 52.402 ارب یوآن رہیں، جو 7.26 فیصد زیادہ ہیں

نیوزی لینڈ میں چائنیز لینگویج ویک 2026 کا آغاز

ویلنگٹن (شہباز) نیوزی لینڈ میں چائنیز لینگویج ویک 2026 کی افتتاحی تقریب ویلنگٹن میں پارلیمنٹ ہاؤس میں منعقد ہوئی، ملک بھر میں ایک ہفتے کے اندر 50 سے زائد تقریبات منعقد کی جائیں گی۔ افتتاحی تقریب سے ویڈیو پیغام میں خطاب کرتے ہوئے نیوزی لینڈ کے وزیراعظم کرسٹوفر لکسن نے چینی زبان میں حاضرین کو خوش آمدید کہا اور اس تقریب کو دنیا کی قدیم ترین اور سب سے زیادہ بولی جانے والی زبانوں میں سے ایک کا اپنے ہی ملک میں جشن منانے کا موقع قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ "نیوزی لینڈ کے چینی نژاد باشندے گزشتہ 180 برس سے زائد عرصے سے ہماری قومی داستان کا حصہ ہیں۔ ان کی زبان، ثقافت اور کہانیاں اس جدید نیوزی لینڈ کی تشکیل میں اہم کردار ادا کرتی ہیں جس سے ہم محبت کرتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ چینی زبان کے چند الفاظ بھی سیکھنا سے مواقع، بی دوستیوں، بہتر باہمی سمجھ بوجھ اور باہم مربوط دنیا میں حقیقی امکانات کے دروازے کھول دیتا ہے۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے نیوزی لینڈ میں چینی سفارت خانے کے مشیر قونصلر شی یونگ جون نے کہا کہ اس سال اقوام متحدہ کی سرکاری زبان کے طور پر چینی زبان کو شمار کیے جانے کے 80 سال مکمل ہو رہے ہیں، اور چینی زبان سیکھنا ماضی، حال اور مستقبل سے جڑنے کا ذریعہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس زبان کا سیکھنا لوگوں کو یہ سمجھنے میں مدد دیتا ہے کہ ہزاروں برس سے چینی تہذیب کو کن عوامل نے برقرار رکھا ہے اور مشاہدہ آج کے مشترکہ عالمی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے بھی اس سے رہنمائی حاصل کی جا سکتی ہے۔

صدر لاہور بار عرفان حیات باجوہ جنرل ہاؤس میں وکلاء برادری سے صحافیوں کے ساتھ خطاب کر رہے ہیں۔ فوٹو: ظہیر مغل

نمازوں کے اوقات

صبح صادق	3:15
فجر	4:00
ظہر	1:30
عصر	5:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	9:00

فقہ جعفریہ
فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 بجے مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال
111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور
99203407-25
میو ہسپتال لاہور
9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور
99284092-8
پی آئی سی لاہور
111-786-786

لاہور بار/سوسی ایشن کے وکلاء پی ایم چوک میں پنجاب اسمبلی میں متنازعہ بل پیش کرنے کیخلاف سول سوسائٹی کے ساتھ احتجاج کر رہے ہیں۔ فوٹو: ظہیر مغل

سالانہ قدیمی مجلس عزا محرم الحرام 2026ء کو مجلس کا اہتمام

لاہور (محمد ناصر) ابراہیم کویں سالانہ قدیمی مجلس عزا محرم الحرام 2026ء کو مجلس کا اہتمام بزرگان سید فدا حسین بخاری، سید بشیر حسین شاہ ڈاکٹر کے کلاں نزد دربار بابا اللہ بخش جلو موڑ لاہور کیا گیا۔ مرکزی جلوس بی بی کی روڈ سے مقررہ راستوں سے ہوتا ہوا امام بارگاہ قیصر مسافر شاہ اقوے کے احاطہ بابا پیر پر اختتام پذیر ہوا۔ علامہ کاظم پاک محمد عباس جلو موڑ، نقیب کمیر سید فدا حسین شاہ تھے جبکہ مجلس میں پیر سید زعرم علی شاہ نقوی سید نجف علی شاہ، سید احسان علی شاہ، پیر سید بادا شبیر حسین شاہ بخاری، بادا سید ظہیر حسین بخاری شاہ نے شرکت کی مجلس میں ذاکر اہل بیت سید غلبہ شیر زیدی، نصیر عباس پپو، ہمایوں شرف، ذوالشیر رازی، محمد مشاہد فقیر، پیر سید خدیم مدثر حسین نقوی، علامہ سید خوبیر حسین بخاری، نذیر حسین بٹ اور فکر نے فضائل و مصائب اہل بیت بیان کئے۔ مجلس کا اہتمام خانیکا پنے دراہل بیت سید شبیر حسین شاہ پسران تھے

صوبائی وزیر لیبر و افرادی قوت محمد مشتاق اللہ بٹ پنجاب سوشل سکیورٹی کورٹنگ باڈی کے 180 ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔ فوٹو: ظہیر مغل

صنعتوں کی منتقلی سے پہلے نئے صنعتی زون قائم کیے جائیں: فہیم الرحمٰن سہگل

کوٹ پنڈی داس میں نئے ایس ایم ای صنعتی اسٹیٹ کا منصوبہ متعارف کرایا جائے گا: ایم ڈی پنجاب سمال انڈسٹریز کارپوریشن

لاہور (خبر نگار) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے پنجاب سمال انڈسٹریز کارپوریشن پر زور دیا ہے کہ لاہور کے گرد دو اہم زون فوری طور پر نئے صنعتی زون قائم کے جائیں کیونکہ مکمل سہولت اور مناسب قیمت پر صنعتی علاقے بنائے بغیر صنعتوں کی منتقلی ممکن نہیں۔ ان خیالات کا اظہار صدر لاہور چیمبر فہیم الرحمٰن سہگل نے پنجاب سمال انڈسٹریز کارپوریشن کے مینجنگ ڈائریکٹر نبیل الٰہی سے ملاقات کے دوران کیا۔ اجلاس میں لاہور چیمبر کے سینئر نائب صدر تنویر احمد شیخ، ایس ایس آئی سی کے ڈائریکٹر انسٹیٹیوٹ رضا، ایڈیشنل مینجنگ ڈائریکٹر ایس ایس آئی سی علی، افتخار احمد، محسن بشیر، ندیم انصاری، سید حسن رضا، شعبان اختر اور فرقان قریشی بھی موجود تھے۔ اس موقع پر مینجنگ ڈائریکٹر ایس ایس آئی سی نبیل الٰہی نے وفد کو کوٹ پنڈی داس، لاہور میں نئے سمال انڈسٹریل اسٹیٹ کے منصوبے سے آگاہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ یہ منصوبہ تقریباً 130 ایکڑ پر مشتمل ہوگا، جس میں 364 پلاٹس فراہم کرنے امدادی کے ذریعے الاٹ کیے جائیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ سرمایہ کار پلاٹ کی قیمت کا 40 فیصد بطور ڈاؤن مختص ادا کریں گے جبکہ باقی 60 فیصد رقم دو سال کے دوران سہ ماہی اقساط میں ادا کی جا سکے گی۔ انہوں نے کہا کہ فی کنال قیمت 50 لاکھ روپے مقرر کی گئی ہے جس میں ترقیاتی اخراجات بھی شامل ہیں، جبکہ صنعتکاروں کو آسان شرائط پر مالی سہولت بھی فراہم کی جائے گی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے صدر لاہور چیمبر فہیم الرحمٰن سہگل نے کہا کہ مختلف سرکاری اداروں کی جانب سے صنعتوں کو سیل کرنے، نوٹس جاری کرنے اور کارروائیوں کے سلسلے کا تدارک ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ صنعتوں کو بجلی، گیس، پانی، سڑکوں، سیوریج، ڈرینیج اور دیگر تمام بنیادی سہولیات سے آراستہ کیے بغیر صنعتوں کی منتقلی کا عمل کسی طور پر کامیاب نہیں ہو سکتا۔ انہوں نے کہا کہ لاہور کے گرد موجود کئی انڈسٹریل زونز میں بنیادی سہولیات کا فقدان ہے، لیکن جب تک مکمل بنیادی سہولیات سے آراستہ نئے صنعتی زون قائم نہیں کیے جاتے، صنعتوں کی منتقلی ممکن نہیں۔ انہوں نے کہا کہ لاہور اور اس کے گرد موجود کئی انڈسٹریل زونز عملاً مکمل طور پر بھر چکے ہیں اور مزید صنعتوں کی گنجائش نہیں رکھتے۔ انہوں نے پی ایس آئی سی پر زور دیا کہ وہ نئے صنعتی زون اور مزید صنعتوں کی گنجائش نہیں نکالے، پانی، سڑکوں، سیوریج، ڈرینیج اور دیگر تمام بنیادی سہولیات سے آراستہ نئے ایس ایم ای صنعتی زون قائم کرے۔ انہوں نے وان ونڈو آپریشن اور پلگ اینڈ پلے سہولیات فراہم کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا تاکہ سرمایہ کار جلد کام شروع کر سکیں۔ لاہور چیمبر کے صدر نے حکومت پر مطالبہ کیا کہ روڈا، اتھارٹی، پروٹیکشن ایجنسی (ایپی اے) اور لاہور ڈویلپمنٹ اتھارٹی (ایل ڈی اے) سمیت دیگر اداروں کی جانب سے جاری کیے گئے نوٹس اس وقت تک معطل کیے جائیں جب تک صنعتوں کی منتقلی کے لیے مناسب انتظامات نہیں ہو جاتے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت کے پاس صنعتی کلسٹرز کا مکمل ریکارڈ موجود نہیں، جس کی وجہ سے مؤثر پالیسی سازی میں مشکلات پیش آ رہی ہیں۔ انہوں نے تجویز دی کہ پی ایس آئی سی، ایل سی سی آئی کے عہدیداروں کے ساتھ مل کر ایس ایم ای صنعتی زونز کے لیے طویل مدتی ماسٹر پلان تیار کرے۔ لاہور چیمبر کے سینئر نائب صدر تنویر احمد شیخ نے منصوبے کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ صنعتوں کی منتقلی پر بہت زیادہ لاگت آتی ہے، اس لیے زمین کے ساتھ ساتھ فیکٹری مالکان کی تعمیراتی و مشینری کی خریداری کے لیے بھی آسان مالی سہولیات فراہم کی جائیں۔

شہر میں چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں کے دوران شہریوں سے لاکھوں روپے طلائی زیورات موبائل فون موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں سمیت دیگر سامان لوٹ لیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر میں چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں کے دوران شہریوں سے لاکھوں روپے طلائی زیورات موبائل فون موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں سمیت دیگر سامان لوٹ لیا گیا تفصیلات کے مطابق گڑھی شاہو میں اسد سے 4 لاکھ روپے اور موبائل فون ✂ اپنے آباد میں قیصر سے 3 لاکھ 50 ہزار روپے اور موبائل فون ✂ مناواں میں ابوزر سے 3 لاکھ 25 ہزار روپے اور موبائل فون، نواکچوں میں صابر سے 3 لاکھ روپے اور موبائل فون، رائے ونڈ میں ذکریا سے 2 لاکھ 75 ہزار روپے اور موبائل فون اور دیگر سامان چھین لیا گیا۔ گلبرگ اور شالیمار سے گاڑیاں جبکہ مزنگ ٹوکھا اور گلشن راوی سے موٹر سائیکلیں چوری ہوگئیں۔

پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کا جعلی، نکلون اور ٹیمپرز ڈمپر پلیٹس کے خلاف کاہڑا کریک ڈاؤن

جدید اے آئی بیسڈ ٹیکنالوجی کی مدد سے 200 سے زائد مشکوک گاڑیاں پکڑی گئیں

لاہور (خبر نگار) پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی نے اے آئی چالان سے بچنے کے لیے جعلی، نکلون اور ٹیمپرز ڈمپر پلیٹس استعمال کرنے والوں کے خلاف جدید آرٹیفیشل انٹیلیجنس (AI) ٹیکنالوجی کی مدد سے کارروائیاں مزید موثر کر دی ہیں۔ پنجاب بھر میں بلیک لسٹ، جرائم میں مطلوب اور مشکوک گاڑیوں کی نگرانی اور ٹریکنگ جدید اے آئی بیسڈ نشاندہی کی، جنہیں بروقت کارروائی کے ذریعے قانون نافذ کرنے والے اداروں کے حوالے کیا جا رہا ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ سیف سٹی اے آئی بیسڈ کیمرے مشکوک، جعلی یا ٹیمپر ڈمپر پلیٹس کی فوری شناخت کر کے خودکار الرٹ جاری کرتے ہیں۔ الرٹ موصول ہوتے ہی درج پٹرولنگ افسر قریبی پولیس ٹیموں کو فوری اطلاع فراہم کرتے ہیں، جس کے نتیجے میں بروقت کارروائی ممکن بنائی جاتی ہے۔ ترجمان کے مطابق جعلی، نکلون یا ٹیمپر ڈمپر پلیٹ کا استعمال صرف اے چالان سے بچنے کا ذریعہ نہیں بلکہ یہ ایک سنگین قانونی جرم ہے، جس پر جرمانے کے ساتھ ایف آئی آر بھی درج کی جا سکتی ہے۔ ٹمپر پلیٹ میں رودبل یا غیر قانونی تبدیلی کرنے والوں کے خلاف پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کی زیر دفعہ لرٹس پالیسی کے تحت سخت قانونی کارروائیاں جاری ہیں۔ ترجمان نے مزید کہا کہ جدید اے آئی بیسڈ ٹیکنالوجی کی بدولت جعلی، نکلون اور ٹیمپر ڈمپر پلیٹس کی شناخت پہلے سے کہیں زیادہ موثر ہو چکی ہے، جس سے جرائم میں ملوث اور بلیک لسٹ گاڑیوں کی بروقت ٹریکنگ اور گرفتاری میں نمایاں بہتری آئی ہے۔ ترجمان سیف سٹی نے شہریوں سے اپیل کی کہ گاڑی خریدتے وقت ٹمپر پلیٹ، رجسٹریشن اور دیگر متعلقہ کوائف کی مکمل تصدیق ضرور کریں اور کسی بھی غیر قانونی یا مشکوک نمبر پلیٹ کے استعمال سے گریز کریں۔ جعلی یا ٹیمپر ڈمپر پلیٹ کا استعمال نہ صرف قانونی کارروائی کا سبب بن سکتا ہے بلکہ عوامی سلامتی کے لیے بھی سنگین خطرہ ہے۔

شاندہ پولیس ریکارڈ یافتہ منشیات فروش گرفتار کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) شاندہ پولیس ریکارڈ یافتہ منشیات فروش گرفتار کر لیا تر جمان کے مطابق ایس ایچ او اسامہ رضوان جیمز کے کیک ڈاؤن کے دوران گاہکوں کا انتظار کرتے ہوئے خفیہ اطلاع پر بند روڈ کے قریب سے ریکارڈ یافتہ ملزم کاشف کو گرفتار کر کے آدھا کلو گرام ہیروین برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا۔ ایس پی اقبال ٹاؤن سدرہ خان کا کہنا ہے کہ ملزم کے خلاف قتل اور منشیات فروشی کے مقدمات درج ہیں۔

شاندہ باغ پولیس نے دور کئی متحرک موٹر سائیکل دو موبائل چور گینگ گرفتار کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) شاندہ باغ پولیس نے دو رکنی متحرک موٹر سائیکل دو موبائل چور گینگ گرفتار کر لیا تر جمان کے مطابق ڈی ایس پی شاندہ باغ سرکل ملک منشر اعوان اور ایس ایچ او شاندہ باغ زاہد حسین نے کارروائی کے دوران موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزمان اویس اور عجل کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 1 موٹر سائیکل 2 موبائل اور نقد رقم سمیت غیر قانونی اسلحہ برآمد کر کے مقدمات درج کر لیے۔

محکمہ جنگلی حیات کے زیر انتظام رکھ خانپور وائلڈ لائف سینگچوری میں مہمان فلیمنگوز کی آمد کا سلسلہ جاری

5 نئے مہمانوں کی آمد کیعبد قیام پذیر فلیمنگوز کی تعداد 13 ہو گئی، آئی یو سی این کا خصوصی سروے

لاہور (خبر نگار) سینئر وزیر مریم اورنگزیب کی زیر قیادت محکمہ تحفظ جنگلی حیات و پارکس پنجاب کے صوبہ میں جنگلی حیات کی موثر بقاء و تحفظ کے سلسلہ میں کیے جانیوالے اقدامات کے شاندار نتائج کا آغاز ہو گئے ہیں اور اسی تناظر میں محکمہ کے زیر انتظام رکھ خانپور وائلڈ لائف سینگچوری مظفر گڑھ میں گزشتہ روز 5 نئے مہمان فلیمنگوز کی آمد کیعبد قیام پذیر فلیمنگوز کی تعداد 13 ہو گئی تفصیل کے مطابق ڈی جی خان ریجن میں واقع رکھ خانپور وائلڈ لائف سینگچوری مظہر والا ڈھنڈ کے مقام پر قدرتی جھیلوں پر اس سال مئی کے آخر میں گزشتہ چار دہائیوں کے بعد مہاجر پرندے نایاب فلیمنگوز کی آمد مشاہدے میں آئے پروائلڈ لائف رینجرز نے ٹڈی مانیٹرنگ شروع کر دی اور دو دن قبل تک ان کی محض 7 جفت تعداد در ریکارڈ کی گئی تاہم گزشتہ روز پانچ مزید نئے مہمان فلیمنگوز کی وہاں آمد نے صورت حال خاصی دلچسپ بنا دی جس کا علم ہونے پر انٹرنیشنل یونین فار کنزرویشن آف نیچر (آئی یو سی این) کی ایک ٹیم نے فوری طور پر رکھ خانپور وائلڈ لائف سینگچوری کا دورہ کیا اور محکمہ کے تعاون سے وہاں ایک خصوصی سروے کا آغاز کیا اور ان کی کل تعداد 13 ریکارڈ کی نیز ان پرندوں کے مشاہدے سے یہ بھی واضح ہوا کہ یہاں قیام پذیر ان مہمان فلیمنگوز میں ایشیاء میں پائی جانیوالی فلیمنگوز کی دونوں نادر دنیا یاب انواع گریٹر فلیمنگو اور ٹیلیر فلیمنگو ٹشمال ہیں اور بلاشبہ محکمہ کے جنگلی حیات کے بقاء و تحفظ کیلئے اٹھائے جانیوالے بہتر اقدامات کا ثمر ہے۔ اس کا میابی پر آئی یو سی این کی ٹیم نے محکمہ تحفظ جنگلی حیات و پارکس پنجاب کی جانب سے جنگلی حیات کے تحفظ اور مسکن کی بحالی کے اقدامات کو بھرپور سراہا۔

عزت پھر نفاذ "عنوان" کے تحت لاہور پیرا فورس دربار کا انعقاد۔ کارکردگی و نفاذ طریقہ کا جائزہ

کمشنر لاہور مریم خان وڈی سی لاہور کیپٹن رعلی اعجاز نے دربار کی صدارت کی

شہری قابل احترام ہیں۔ پیرا فورس اپنا کام عمل کرے۔ احترام کو اٹم رکھیں۔ کمشنر لاہور مریم خان

بری کارکردگی و برے رویے پر 7 اہلکار نوکری سے فارغ جبکہ 3 سو کو سرنڈر کیا گیا ہے۔ کمشنر لاہور مریم خان

اچھی کارکردگی، شکایات و بری کارکردگی پر جرمانہ و سزا کا عمل مزید سخت کر رہے ہیں۔ ڈی سی لاہور



لاہور (خبر نگار) "لہجہ زم نفاذ بے باک۔ عزت پھر نفاذ" عنوان کے تحت لاہور پیرا فورس دربار کا انعقاد کیا گیا۔ کمشنر لاہور مریم خان ڈی سی لاہور کیپٹن رعلی اعجاز نے دربار کی صدارت کی۔ انہوں نے پیرا فورس کی کارکردگی، قانون و حکومتی ہدایات کے نفاذ عملدرآمد طریقہ کار کا جائزہ لیا۔ کمشنر لاہور مریم خان نے پیرا فورس دربار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کشمیری قابل احترام ہیں، شہریوں کے ساتھ زم رویہ اختیار کریں احترام کو اٹم رکھیں۔ کمشنر لاہور نے کہا کہ بری کارکردگی پر برے رویے پر 7 اہلکار نوکری سے فارغ جبکہ 3 سو کو سرنڈر کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اچھی کارکردگی، شکایات و بری کارکردگی پر جرمانہ و سزا کا عمل مزید سخت کر رہے ہیں۔ دربار میں لاہور پیرا فورس کی تمام اس ڈی ایس او زٹیشن افسران و فیلڈ اہلکاروں سے انتہائی متحد رویہ اختیار کریں، انتظامیہ فیلڈ میں چوبیس گھنٹے پیرا فورس سے، پیرا فورس زم رویے کے ساتھ اپنا کام عمل کرے، قانون و حکومتی ہدایات پر سخت عمل ہو نے شرکت کی۔

شاندہ باغ پولیس نے مختلف کارروائیوں میں 2 منشیات فروش گرفتار کر لیے

لاہور (کرائم رپورٹر) قلعہ گجر سنگھ پولیس نے مختلف کارروائیوں میں 2 منشیات فروش گرفتار کر لیے تر جمان کے مطابق قلعہ گجر سنگھ پولیس نے خفیہ اطلاع پر ملزم شہباز کو محمد نگر سے گرفتار کر کے اس سے شاپر میں چھپائی 1100 گرام چرس اور 1100 گرام انجون اور ملزم اعجاز دوران تلاشی بوہر والے چوک سے گرفتار کر کے ہزاروں مالیت کی ویڈ برآمد کر کے ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے انویسٹیگیشن پولیس کے حوالے کر دیا۔

ڈولفن اسکواڈ نے لاہور شہر میں وارداتوں کی 50 فنٹی کرنے والا گینگ کا سرغنہ گرفتار کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈولفن اسکواڈ نے لاہور شہر میں وارداتوں کی 50 فنٹی کرنے والا گینگ کا سرغنہ گرفتار کر لیا تر جمان کے مطابق سہولیاں دلوا کر موٹر فول پمپ سیکورٹی کیلئے ڈولفن سکواڈ سٹریٹ کرمنلز کے خلاف پرعزم ہے گزشتہ روز ڈولفن سکواڈ نے ملزم کو انٹیلیجنس بیسڈ کارروائی کرتے کمرشل ڈکیتی کی وارداتوں کے حوالے سے کھوجنے اور سہولیات

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
"روزنامہ قوت لاہور" (3) 3 جولائی 2026ء

کمشنر ساہیوال کے زیر اہتمام اعلیٰ سطحی اجلاس کا انعقاد

اجلاس میں متعلقہ افسران نے اپنے اپنے محکموں کی تیاریوں، دستیاب وسائل، جاری اقدامات اور مون سون سیزن کے دوران اربن و دریائی سیلاب سے نمٹنے کے لیے مرتب کردہ ایمرجنسی پلانز پر تفصیلی بریفنگ بھی دی

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن ڈاکٹر آصف طفیل کی زیر صدارت کمشنر آفس میں ممکنہ سیلابی صورتحال سے نمٹنے کے لئے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر ساہیوال کیپٹن ریٹائرڈ مجیع اللہ فاروق، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ اینڈ فنانس شفیق احمد ڈوگر، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو مرحبا نعمت، ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ شاہد فاروق وڑائچ، ڈائریکٹر زراعت چوہدری شہباز اختر سمیت ریسکیو 1122، محکمہ انہار، واسا، لائیو سٹاک اور دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی جبکہ ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ احمد عثمان جاوید اور ڈپٹی کمشنر پاکپتن آصف رضا نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی۔ اجلاس میں مون سون سیزن کے پیش نظر اربن اور دریائی سیلاب سے نمٹنے کے لیے پیشگی تیاریوں، ایمرجنسی پلانز، نکاسی آب کے انتظامات، حساس مقامات کی نشاندہی، جاری ترقیاتی منصوبوں پر حفاظتی اقدامات، مشینری اور افرادی قوت کی دستیابی اور مختلف اداروں کے درمیان موثر رابطہ کاری کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ کمشنر ڈاکٹر آصف طفیل نے ہدایت کی کہ تمام متعلقہ محکمے مون سون سیزن کے دوران کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے اپنی پیشگی تیاریاں ہر لحاظ سے مکمل رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ تمام جاری ترقیاتی منصوبوں پر حفاظتی اقدامات فوری طور پر یقینی بنائے جائیں تاکہ بارشوں یا ممکنہ سیلابی صورتحال کے دوران عوام، مزدوروں اور سرکاری املاک کو کسی قسم کے نقصان سے محفوظ رکھا جا سکے۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ تمام اضلاع میں نکاسی آب کے نظام کو مکمل طور پر فعال رکھا جائے، حساس مقامات کی مسلسل نگرانی کی جائے، ریسکیو مشینری، پمپس، بھاری مشینری، افرادی قوت اور دیگر ضروری وسائل ہر وقت تیار رکھے جائیں۔ متعلقہ محکمے باہمی رابطہ اور موثر کوآرڈی نیشن کے ذریعے کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری رسپانس کو یقینی بنائیں تاکہ عوام کے جان و مال کا ہر ممکن تحفظ کیا جا سکے۔ اجلاس میں متعلقہ افسران نے اپنے اپنے محکموں کی تیاریوں، دستیاب وسائل، جاری اقدامات اور مون سون سیزن کے دوران اربن و دریائی سیلاب سے نمٹنے کے لیے مرتب کردہ ایمرجنسی پلانز پر تفصیلی بریفنگ بھی دی۔

امیدوار سیکرٹری بار چوہدری علی حسین کی جیت کیلئے پرعزم ہیں۔ حافظ محمد رضوان Ahc

نڈر و قابل وکیل رہنماء سیالکوٹ بار ممبران کے حقوق کی پاسبانی کرینگے۔ حافظ طاہر قیوم



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) خواجہ اویس مشتاق لاء ایسوسی ایٹس کے نامزد کردہ امیدوار سیکرٹری سیالکوٹ بار چوہدری علی حسین کی جیت کیلئے پرعزم ہیں انکا شمار قائدانہ صلاحیتوں کے مالک نڈر و بیباک وکلاء رہنماؤں میں ہوتا ہے ان باتوں کا اظہار امیدوار سیکرٹری بار چوہدری علی حسین کے چیف سپورٹرز وکلاء سیالکوٹ بار حافظ محمد رضوان، حافظ محمد طاہر قیوم نے ملک محمد اعظم اعوان، چوہدری بلال راہو چوہدری ایوب پسوال ایڈووکیٹس کے ہمراہ اہم مشاورتی اجلاس کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے امیدوار سیکرٹری جنرل کیلئے وکلاء دھڑوں کیساتھ ملاقاتوں کا سلسلہ جاری ہے جس میں وکلاء دھڑوں کی کثیر تعداد میں شمولیت جاری ہے۔ انشاء اللہ قائدانہ صلاحیتوں کے حامل چوہدری علی حسین الیکشن جیت کر معزز وکلاء ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ اور بار کی فلاح و بہبود اور وکلاء کے حقوق کی پاسبانی کرینگے۔

خصوصی افراد میں ہمت کارڈز کی تقسیم

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) خصوصی افراد میں ہمت کارڈز کی تقسیم وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن اور صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر و بیت المال سہیل شوکت بٹ کی ہدایات کے مطابق، ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال ملک خالق داد اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال چنیوٹ زوار حسین راؤ نے چنیوٹ میں خصوصی افراد میں ہمت کارڈز تقسیم کیے۔ اس موقع پر ملک خالق داد کا کہنا تھا کہ ہمت کارڈ پنجاب حکومت کا خصوصی افراد کی مالی معاونت اور فلاح کے لیے ایک اہم اور موثر اقدام ہے، جس کے ذریعے مستحق افراد کو باعزت اور آسان سہولت فراہم کی جا رہی ہے۔ خصوصی افراد نے ہمت کارڈز کے اجرا اور سہولت سے فراہمی پر وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر و بیت المال کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اس اقدام کو خوش آئند قرار دیا۔

مہلک غیر ذمہ دارانہ ڈرائیونگ پر ڈرائیونگ لائسنس منسوخی بہتر اقدام ہے۔ اظہر حمید بھٹی

سی ٹی او لاہور کے اقدام سے حادثات میں کمی آئے گی۔ معروف وصنعتکار

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سی ٹی او لاہور کا مہلک حادثات کی روک تھام کے لیے حالیہ بڑا فیصلہ حادثات کے روک تھام میں کلیدی کردار ثابت ہو سکتا ہے۔ مہلک، غیر مہلک حادثات اور غیر ذمہ دارانہ ڈرائیونگ پر ڈرائیور کا لائسنس معطل کرنے کا حکم انتہائی اہم ہے کیونکہ پاکستان جان لیوا ٹریفک حادثات میں سرفہرست ممالک کی لسٹ میں آ چکا ہے جہاں پرائیویٹ و پبلک ٹرانسپورٹ میں ناتجربہ کار و غیر ذمہ دارانہ ڈرائیورز کی وجہ سے ہر سال اموات کی شرح میں تیزی سے اضافہ دیکھنے میں آیا ہے۔ ان باتوں کا اظہار معروف صنعتکار و سماجی شخصیت اظہر حمید بھٹی نے میڈیا ٹاک میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ چیف ٹریفک آفیسر لاہور کے اس دانشمندانہ اقدام سے مہلک، غیر مہلک حادثات اور غیر ذمہ دارانہ ڈرائیونگ میں ملوث ڈرائیوروں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی جس سے ممکنہ طور پر جان لیوا ٹریفک حادثات میں ممکنہ طور پر کمی واقع ہوگی۔

ملکلد اچوک اور گردونواح میں ایل پی جی مافیا بے لگام، حکومتی نرخنامے ہوا میں اڑا دیے گئے

ملکلد اچوک (نامہ نگار) ملکلد اچوک اور گردونواح میں ایل پی جی مافیا بے لگام، حکومتی نرخنامے ہوا میں اڑا دیے گئے ملکلد اچوک اور اس کے گردونواح میں ایل پی جی کی من مانے ریٹس پر فروخت عروج پر پہنچ گئی۔ گیس مافیا نے حکومتی نوٹیفکیشن کو ردی کا ٹکڑا بنا دیا۔ ایل پی جی کی مقررہ سرکاری قیمت 241 روپے فی کلوگرام ہے، جبکہ مقامی دکانداروں اور ڈیلرز نے غریب عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنا شروع کر رکھا ہے اور گیس ڈبل سے بھی زائد قیمت یعنی 480 روپے فی کلوگرام میں دھڑلے سے فروخت کی جا رہی ہے۔ علاقے کے غریب اور سفید پوش شہریوں کا جینا محال ہو گیا ہے۔ اہلیان علاقہ نے شدید احتجاج کرتے ہوئے کہا ہے کہ ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ محکمے خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں، جس کی وجہ سے منافع خوروں کو کھلی چھوٹ ملی ہوئی ہے۔ اہلیان علاقہ اور سماجی حلقوں نے ڈسٹرکٹ اوکاڑہ کے سول ڈیفنس افسران اور ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ سے فوری نوٹس لینے کا پرزور مطالبہ کیا ہے۔ انہوں نے اپیل کی ہے کہ ملکلد اچوک اور گردونواح میں فوری طور پر چھاپہ مار ٹیمیں بھیجی جائیں، گیس مافیا کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے اور گیس کی سرکاری نرخوں پر فروخت کو یقینی بنا کر عوام کو ریلیف فراہم کیا جائے۔

ڈی پی او سیالکوٹ دوست محمد نے اوپن ڈور پالیسی میں شہریوں کی شکایات سنیں

شکایات سن کر متعلقہ آفیسران کو میرٹ کرتے فوری ازالہ کے احکامات دیئے

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ کیپٹن (ر) دوست محمد نے اوپن ڈور پالیسی کے تحت اپنے دفتر میں آنے والے شہریوں کی شکایات سن کر متعلقہ افسران کو میرٹ کی بنیاد پر فوری ازالہ کے احکامات جاری کیے۔ پبلک ریلیشنز آفیسر ڈی پی او آفس کے مطابق سیالکوٹ پولیس کے حوالہ سے کسی بھی قسم کی شکایات و مسائل کے حوالہ سے سائلین کو باقاعدہ سن کر انکی متعلقہ تھانہ کے حوالہ سے شکایات کے فوری حل کیلئے میرٹ پر فوری عملی اقدامات یقینی بنائے جا رہے ہیں۔ دوسری جانب عمائدین شہر کا کہنا ہے کہ ڈسٹرکٹ آفیسر سیالکوٹ کیجانب سے سائلین وشکایت کنندگٹ کو باعزت طریقے سے سن کر انکی دادرسی کرنا احسن ولائق تحسین اقدام ہے۔

تحصیل بھر میں صفائی ستھرائی کا آپریشن بھرپور انداز میں جاری

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن ستھرا پنجاب کے تحت تحصیل بھر میں صفائی ستھرائی کا آپریشن بھرپور انداز میں جاری ہے ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ احمد عثمان جاوید اور مینیجنگ ڈائریکٹر ستھرا پنجاب ایجنسی اوکاڑہ چوہدری عبدالجبار گجر کی مشترکہ ہدایات پر سارکو انتظامیہ صفائی سرگرمیوں کی موثر نگرانی کر رہی ہے ڈسٹرکٹ مینیجر علی رضا، سارکو پروجیکٹ مینیجر وسیم اشرف اور تحصیل مینیجر نعمان راشد کی زیر نگرانی تحصیل بھر میں مینول سویپنگ، روڈ واشنگ، ڈور ٹو ڈور ویسٹ کلیکشن، ڈی سلٹنگ، اسکریپنگ اور ویسٹ کنٹینرز کی بروقت لفٹنگ کا عمل تسلسل کے ساتھ جاری ہے صفائی ٹیمیں شہر کی گلیوں، محلوں، بازاروں، مرکزی شاہراہوں اور دیگر عوامی مقامات پر متحرک رہتے ہوئے صفائی کے فرائض انجام دے رہی ہیں

شہر کی ٹیوفکیشن کیلئے عملی اقدامات کر رہے ہیں: اسسٹنٹ کمشنر پسرور

شاہراہوں عوامی گذرگاہوں پر انکروچمنٹ کسی صورت قبول نہیں۔ ثناء شرافت

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) پسرور میں بلاامتیاز اینٹی انکروچمنٹ آپریشن جاری ہے اور کوئی شخص قانون سے بالاتر نہیں نہ ہی شہر کی خوبصورتی کو خراب کرنے والے عناصر سے کسی قسم کی رعایت کی جائیگی۔ مزید یہ کہ پسرور کی بیوٹیفکیشن کیلئے عملی اقدامات کئے جا رہے ہیں اور اس کیلئے روڈ میپ پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا۔ اسسٹنٹ کمشنر پسرور ثناء شرافت کا کہنا ہے کہ اندرون شہر و شہر کی دیگر اہم شاہراہوں پر ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے کیلئے ناجائز تجاوزات کیخلاف کاروائیاں بلاامتیاز جاری ہیں۔ سڑکوں پر غیر قانونی طور پر قابض ہونے کی اجازت کسی صورت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے دکانداروں کو سخت تنبیہ کی کہ وہ سامان اپنی دکان کی حدود میں رکھیں ورنہ قانون حرکت میں آئے گا۔

ڈپٹی کمشنر کا زیر تعمیر پیرا آفس کا دورہ، تعمیراتی کام تیز کرنے کی ہدایت

دورے کے موقع پر ضلعی انچارج پیر احمد مزمل، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ سعید احمد ایلسیئن بلڈنگز محمد عدنان اور دیگر متعلقہ افسران بھی ان کے ہمراہ تھے

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان کا زیر تعمیر پیرا آفس کا دورہ، تعمیراتی کام تیز کرنے کی ہدایت، تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان نے زیر تعمیر پیرا (PERA) آفس کا دورہ کیا اور جاری تعمیراتی کاموں کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے موقع پر ضلعی انچارج پیر احمد مزمل، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ سعید احمد، ایلسیئن بلڈنگز محمد عدنان اور دیگر متعلقہ افسران بھی ان کے ہمراہ تھے۔ متعلقہ حکام نے ڈپٹی کمشنر کو منصوبے کی موجودہ پیش رفت، تعمیراتی معیار اور تکمیل کے مختلف مراحل پر بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان نے تعمیراتی کام کے معیار کو برقرار رکھتے ہوئے رفتار مزید تیز کرنے کی ہدایت کی تاکہ منصوبہ مقررہ مدت کے اندر مکمل کر کے عوام کو بہتر سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ انہوں نے متعلقہ افسران پر زور دیا کہ تعمیراتی سرگرمیوں کی مسلسل نگرانی کی جائے اور منصوبے کی بروقت تکمیل میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل حکومت پنجاب کی ترجیحات میں شامل ہے، لہٰذا تمام متعلقہ ادارے باہمی رابطے کے ساتھ ذمہ داریاں ادا کریں تاکہ منصوبہ جلد مکمل ہو سکے۔

پیرا فورس کی زیادتیاں، بجلی کے فکسڈ چارجز و متنازعہ قانون سازی پر تحفظات ہیں۔ راؤ غلام قادر

بجلی کے بوجھ تلے دبی عام عوام کیساتھ ظالمانہ سلوک حکومت کو کے ڈوبے کا۔ سوشل ایکٹوسٹ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) عام پاکستانی کبھی بجلی کے میٹر کو گھورتا ہے، کبھی آگ برساتے سورج کو اور کبھی اپنے معصوم بچوں کو، مگر ریلیف کہیں سے نہیں مل رہا۔ خود مفت کی بجلی پیٹرول گیس ایئر ٹکٹ استعمال کرنے والی بیوروکریسی و اشرافیہ عوام کا خون نچوڑنے والی پالیسیاں مرتب کرتے ہیں جو انتہائی افسوسناک امر ہے۔ 200 یونٹ والی غنڈہ گردی بند کی جائے، غریب کو ریلیف دیا جائے، بجلی بنیادی ضرورت ہے کوئی عیاشی نہیں۔ عوام بلوں کے بوجھ تلے دب چکے ہیں، اب اعداد و شمار نہیں بلکہ حقیقی ریلیف چاہیے۔ ان باتوں کا اظہار معروف سوشل ایکٹوسٹ راؤ غلام قادر میو نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ مقروض قوم کے عیاش حکمران اور اشرافیہ کو خوف خدا کرنا چاہیے۔ عوام دوست سپیکر صوبائی اسمبلی پنجاب نے دوران انٹرویو بانگ دہل کہا ہے کہ ایک ریٹائرڈ جج و دیگر اعلیٰ ریٹائرڈ عہدیدار 20 لاکھ تک پینشن لیتے ہیں بیوروکریسی کی ایوریج تنخواہیں تو عوام کے مقروض ہونے کی وجوہات آشکار ہونگی۔

ڈی پی او ارسلان زاہد کی ہدایت پر ضلعی پولیس کی جون کے مہینے کی کارکردگی رپورٹ جاری کر دی گئی

پولیس نے گذشتہ ماہ میں 10 ڈکیت گینگز کے 30 خطرناک ملزمان گرفتار کیے



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈی پی او ارسلان زاہد کی ہدایت پر ضلعی پولیس کی جون کے مہینے کی کارکردگی رپورٹ جاری کر دی گئی۔ ضلعی پولیس نے گذشتہ ماہ میں 10 ڈکیت گینگز کے 30 خطرناک ملزمان گرفتار کیے۔ مختلف مقدمات میں ملزمان سے 93 لاکھ روپے سے زائد مالیت کی نقدی اور مال مسروقہ برآمد کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق گذشتہ ماہ میں ضلعی پولیس نے 144 مجرمان اشتہاری، 111 عدالتی مفروران اور 46 سابقہ ریکارڈ یافتگان گرفتار کیے۔ ہوائی فائرنگ اور غیر قانونی اسلحہ قبضہ میں رکھنے والوں کے خلاف 91 مقدمات درج کیے۔ ملزمان سے 71 پسٹل، 4 کلاشنکوف، 15 رائفل و بندوق اور 459 گولیاں و کارتوس برآمد کیے۔ مزید کاروائیوں کے دوران منشیات فروشی کے خلاف کریک ڈاؤن میں 53 مقدمات درج کر کے 52 کلو سے زائد منشیات اور 631 لیٹر شراب برآمد کی۔ اس کے علاوہ 15 ایکٹ کی خلاف ورزی پر 20، کرایہ داری ایکٹ کی خلاف ورزی پر 09 اور ساؤنڈ سسٹم ایکٹ کی خلاف ورزی پر 17 مقدمات درج کیے۔ ضلعی پولیس نے پبلک سروس ڈیلیوری کو مزید بہتر بناتے ہوئے خدمت مراکز پر آنے والے 6495 شہریوں کو مختلف سہولیات فراہم کیں۔ ڈی پی او کا کہنا ہے کہ سماج دشمن عناصر کا خاتمہ، عوامی جان و مال کا تحفظ اور سماجی خدمت اولین ترجیح ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز کے محفوظ پنجاب وژن کو یقینی بنانے کے لیے دن رات کوشاں ہیں۔

ایل پی جی مافیا بے لگام، اوکاڑہ انتظامیہ خاموش تماشائی

سرکاری ریٹ 241 روپے، مارکیٹ میں 540 روپے کلو تک فروخت، شہری پریشان

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ضلعی انتظامیہ اوکاڑہ ایل پی جی کی قیمتوں کو کنٹرول کرنے میں مکمل طور پر ناکام ہو گئی ہے۔ شہر بھر میں ایل پی جی گیس سرکاری نرخوں پر کہیں بھی دستیاب نہیں، دوکاندار حضرات نے اپنی من مانی کے ریٹ مقرر کر رکھے ہیں۔ اوگرا کی جانب سے ایل پی جی کا سرکاری نرخ 241 روپے 43 پیسے فی کلو مقرر ہے، جبکہ اوکاڑہ کی مارکیٹ میں ایل پی جی 500 سے 540 روپے فی کلو تک فروخت ہو رہی ہے۔ سرکاری اور مارکیٹ ریٹ میں 258 روپے فی کلو سے زائد کا ہوشربا فرق ہے جس سے شہریوں کی چیخیں نکل گئی ہیں۔ متاثرہ شہریوں کا کہنا ہے کہ ضلعی انتظامیہ اور پرائس کنٹرول کمیٹیاں صرف دفاتر تک محدود ہیں۔ مارکیٹ میں کوئی چیک اینڈ بیلنس نہیں۔ مہنگائی کے اس دور میں دوگنی قیمت پر گیس خریدنا غریب آدمی کے بس سے باہر ہے۔" انتظامیہ نے ایل پی جی مافیا کو کھلی چھوٹ دے رکھی ہے،" شہریوں کا شکوہ ہے۔ اوکاڑہ کے عوامی و سماجی حلقوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ شہریوں نے اپیل کی ہے کہ ایل پی جی مافیا کو فوری لگام ڈالی جائے، ناجائز منافع خور دوکانداروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے اور سرکاری نرخوں پر گیس کی فراہمی یقینی بنا کر عوام کو ریلیف فراہم کیا جائے۔ عوام کا کہنا ہے کہ اگر ضلعی انتظامیہ نے اب بھی ہوش کے ناخن نہ لیے تو وہ احتجاج پر مجبور ہوں گے۔

سول ڈیفنس کی بڑی کارروائی، گیس کی اوور چارجنگ پر رینالہ ایل پی جی گیس پلانٹ سیل

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) سول ڈیفنس کی بڑی کارروائی، گیس کی اوور چارجنگ پر رینالہ ایل پی جی گیس پلانٹ سیل، ڈپٹی کمشنر ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی ہدایت پر محکمہ سول ڈیفنس نے عوام کو مہنگے داموں ایل پی جی فروخت کرنے والے مافیا کے خلاف گھیرا تنگ کر دیا۔ سول ڈیفنس آفیسر جاوید اختر بھچی کی سربراہی میں ٹیم نے رینالہ خورد میں واقع ایک بڑے ایل پی جی گیس پلانٹ پر چھاپہ مار کر اسے سیل کر دیا اور بھاری جرمانہ عائد کر دیا۔ مذکورہ ایل پی جی پلانٹ میں گیس کی اوور چارجنگ کے خلاف ایکشن لیتے ہوئے سول ڈیفنس آفیسر نے اپنی ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے پلانٹ کا ریکارڈ اور موقع پر موجود قیمتوں کا جائزہ لیا۔ اوور چارجنگ ثابت ہونے پر پلانٹ کو فوری طور پر سیل کر کے مالکان کے خلاف قانونی کاروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ سول ڈیفنس آفیسر جاوید اختر بھچی نے کہا ہے کہ اوور چارجنگ اور ناجائز منافع خوری کرنے والوں کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی گئی ہے

فیملی کیس میں عدالت عظمیٰ کے ریمارکس تاریخ ساز ہیں۔ ملک خالد ادریس

شوہر یا سسرال والے دلہن کے زیورات و گفٹس پر حق نہیں رکھتے۔ معروف وکیل رہنماء

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) شوہر یا سسرال کو کوئی ملکیتی حق نہیں رکھتے شادی میں دلہن کو ملنے والے سونے کے زیورات اسی کی ذاتی ملکیت ہیں ان باتوں کا اظہار معروف وکیل رہنماء ملک خالد ادریس ایڈووکیٹ نے فیملی کورٹ کیس میں سپریم کورٹ کے تاریخی فیصلے پر روشنی ڈالتے ہوئے میڈیا ٹاک میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ نے کہا ہے کہ شادی میں دلہن کو ملنے والے سونے کے زیورات اسی کی ذاتی ملکیت ہیں۔ چیف جسٹس کی سربراہی میں سپریم کورٹ کے 3 رکنی بینچ نے یہ فیصلہ جاری کیا جو عدالت عظمیٰ کے جسٹس شکیل احمد نے تحریر کیا۔ عدالت عظمیٰ کے حکمنامہ کے مطابق شوہر یا سسرال دلہن کے زیورات پر کوئی ملکیتی حق نہیں رکھتے، دلہن کے زیورات روکنا اس کے ملکیتی حقوق سے غیر قانونی محرومی ہے۔ بیوی اپنے زیورات کی واپسی کیلئے فیملی کورٹ سے رجوع کر سکتی ہے۔ دلہن کو ملنے والے برائیڈل گفٹس بھی اس کی ذاتی ملکیت تصور ہوں گے۔ عدالت عظمیٰ کے حکمنامہ کے مطابق والدین کی جانب سے دلہن کو دیا گیا سونا اسکی ذاتی ملکیت قرار دیا گیا۔ حکمنامہ کے مطابق فیملی کورٹ کو بیوی کے ذاتی سامان، زیورات کے کیسز سننے کا مکمل اختیار ہے، سپریم کورٹ نے سونے کے زیورات سے متعلق اپیل مسترد کرتے ہوئے درخواست خارج کر دی۔ عدالت عظمیٰ کے حکمنامہ کے مطابق شوہر، ساس کے خلاف زیورات کی واپسی کا دعویٰ فیملی کورٹ میں قابل سماعت ہے۔

غیر معیاری اور مضرِ صحت سوڈا واٹر کی کھلے عام فروخت جاری

مختلف دکانوں اور ریڑھیوں پر بغیر معیار اور حفظانِ صحت کے اصولوں کے تیار کردہ مشروبات فروخت کیے جا رہے ہیں

ساہیوال (بیورو رپورٹ) شدید گرمی کی لہر کے دوران ساہیوال کیمبر قادر آباد میں ناقص، غیر معیاری اور مضرِ صحت سوڈا واٹر کی کھلے عام فروخت جاری پنجاب فوڈ اور متعلقہ محکموں کے افسران شاہی پروٹوکول کے ساتھ ٹھنڈے کمروں تک محدود کوئی پوچھنے والا نہیں وزیر اعلیٰ پنجاب سے نوٹس کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق ساہیوال کے گرد و نواح میں شدید گرمی کی لہر کے دوران کیمبر قادر آباد میں ناقص، غیر معیاری اور مضرِ صحت سوڈا واٹر کی کھلے عام فروخت جاری ہے پنجاب فوڈ اور متعلقہ محکموں کے افسران شاہی پروٹوکول کے ساتھ ٹھنڈے کمروں تک محدود ہیں کا کہنا ہے کہ مختلف دکانوں اور ریڑھیوں پر بغیر معیار اور حفظانِ صحت کے اصولوں کے تیار کردہ مشروبات فروخت کیے جا رہے ہیں، جو انسانی صحت کے لیے سنگین خطرہ بن چکے ہیں۔ علاقہ مکینوں نے الزام عائد کیا کہ پنجاب فوڈ اتھارٹی کے متعلقہ افسران عملی کارروائی کرنے کے بجائے دفاتر اور ٹھنڈے کمروں تک محدود ہیں، جس کا فائدہ اٹھاتے ہوئے غیر معیاری سوڈا واٹر فروخت کرنے والوں کی چاندی ہو گئی ہے۔ شہریوں نے خدشہ ظاہر کیا کہ ایسے مضر صحت مشروبات کے استعمال سے بچوں، بزرگوں اور دیگر افراد میں مختلف بیماریوں کے پھیلنے کا خطرہ بڑھ گیا ہے۔ کیمبر قادر آباد کے شہریوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب کمشنر ساہیوال اور ڈپٹی کمشنر ساہیوال سے فوری نوٹس لینے، پنجاب فوڈ اتھارٹی کو موثر کارروائی کا پابند بنانے، ناقص اور مضرِ صحت مشروبات فروخت کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز کریک ڈاؤن کرنے اور ذمہ دار اہلکاروں کی کارکردگی کا بھی جائزہ لینے کا مطالبہ کیا ہے تاکہ عوام کی صحت سے کھیلنے والوں کا موثر احتساب یقینی بنایا جا سکے۔

"فکرِ امام حسینؓ سیمینار" آج 3 جولائی، بروز جمعہ فیصل آباد پریس کلب میں منعقد ہوگا

سیمینار میں مرکزی کنوینر پاکستان سنی تحریک علماء بورڈ علامہ محمد طارق شہزاد مدنی، وسطی پنجاب کے صوبائی صدر سردار محمد طاہر ڈوگر شرکت کرینگے

فیصل آباد (ملک بشیر احمد) فیصل آباد پاکستان سنی تحریک کے زیر اہتمام "فکرِ امام حسینؓ سیمینار" آج 3 جولائی، بروز جمعہ، شام 6:00 بجے فیصل آباد پریس کلب میں منعقد ہوگا۔ پاکستان سنی تحریک کے رہنما وحید احمد کمبوہ کی جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق سیمینار میں مرکزی کنوینر پاکستان سنی تحریک علماء بورڈ علامہ محمد طارق شہزاد مدنی، وسطی پنجاب کے صوبائی صدر سردار محمد طاہر ڈوگر سمیت اہم سیاسی، مذہبی اور سماجی شخصیات شرکت کریں گی۔ سیمینار میں فکرِ امام حسینؓ، اتحادِ امت، قومی و ملی مسائل پر گفتگو کی جائے گی، جبکہ اس موقع پر اہم تنظیمی اعلانات بھی متوقع ہیں۔ تمام عاشقانِ رسول ﷺ اور عوام الناس کو بروقت شرکت کی دعوت دی جاتی ہے۔

جماعت اسلامی کے بزرگ راہنما، سابق میونسپل کونسلر محمد زمان خان نیازی کی اہلیہ طویل علالت کے بعد انتقال کر گئی ہیں

نماز جنازہ میں جماعت اسلامی کے مقامی راہنماؤں، کارکنان، سیاسی و مذہبی شخصیات، عوامی نمائندوں و اہل علاقہ نے کثیر تعداد میں شرکت کی

فیصل آباد (اشرف خان) جماعت اسلامی کے بزرگ راہنما، سابق میونسپل کونسلر محمد زمان خان نیازی کی اہلیہ طویل علالت کے بعد انتقال کر گئی ہیں۔ نماز جنازہ میں جماعت اسلامی کے مقامی راہنماؤں، کارکنان، سیاسی و مذہبی شخصیات، عوامی نمائندوں و اہل علاقہ نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ نماز جنازہ کے بعد ان کی مقامی قبرستان میں تدفین کر دی گئی۔ جماعت اسلامی کے راہنماؤں محبوب الزماں بٹ، چوہدری محمد سلیم، میاں طاہر ایوب، انوار الحق ایڈووکیٹ، شیخ محمد مشتاق، افضال شاہین نے مرحومہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی ہے اللہ تعالیٰ ان کے درجات بلند فرمائے، جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا ہو اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

کنوینر اتحاد گروپ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ عظیم انسان ہیں۔ ممبران سوسائٹی

ماڈل ٹاؤن سوسائٹی میں پانچ ٹرانسفارمر ہنگامی بنیادوں پر بحال کرا دیئے۔ عظیم بٹ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ماڈل ٹاؤن سوسائٹی ممبران نے سوسائٹی میں بجلی کے شدید بحران کے دوران کنوینر اتحاد گروپ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ کے تاریخی اقدام کو سراہتے ہوئے کہا کہ ہنگامی بنیادوں پر ایک ساتھ جل جانے والے پانچ ٹرانسفارمرز کی فوری مرمت کروا کر انہیں دوبارہ نصب کروا دیا جس میں کنوینر اتحاد گروپ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ کی زیر قیادت محمد عظیم بٹ کی شبانہ روز محنت مسلسل جدوجہد اور بجلی کے مسائل کے فوری حل کے لیے کی جانے والی کاوشیں قابل تحسین ہیں۔ انہوں نے دن رات محنت کرتے ہوئے انتظامیہ ماڈل ٹاؤن سوسائٹی کے ساتھ مکمل رابطہ رکھا صدر ماڈل ٹاؤن کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی نے اپنے بیان میں کہا کہ ماڈل ٹاؤن سوسائٹی کے ممبران کی سہولت اور فلاح ہماری اولین ترجیح ہے شدید گرمی کے موسم میں بجلی کی عدم دستیابی ممبران کے لیے کسی آزمائش سے کم نہیں اسی لیے فوری اقدامات کیے گئے تاکہ کسی کو مزید مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے انہوں نے محکمہ واپڈا سے اپیل کی کہ بجلی کے نظام کو مزید مستحکم بنایا جائے تاکہ اوورلوڈنگ اور وولٹیج کے مسائل پر قابو پایا جا سکے۔

شہریوں کو بہتر سہولیات کی فراہمی کے لیے مؤثر اقدامات جاری

عوام کو فوری ریلیف فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے: ڈپٹی کمشنر

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق ضلعی انتظامی

ادارتی صفحہ

EDITORIAL

سندھ طاس معاہدہ اور آبی بقا کا چیلنج

اسلام آباد میں سندھ طاس معاہدے کے حوالے سے انٹرنیشنل سیمینار کا انعقاد پانی کے سنگین مسئلے' بھارت کی آبی جارحیت اور پاکستان کے جائز آبی حقوق کو عالمی سطح پر اجاگر کرنے کی اچھی کاوش ہے۔ سیمینار میں اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ بھارت کو کروڑوں پاکستانیوں کا پانی روکنے کی قطعاً اجازت نہیں دی جاسکتی اور یہ کہ پاکستان کے پانی کا تحفظ ہرصورت ممکن بنایا جائے گا۔ پانی نہ صرف زندگی کی بنیادی ضرورت ہے بلکہ یہ قومی سلامتی' بقا اور خودمختاری کا تقاضا بھی ہے۔ پاکستان طویل عرصے سے بھارت کی آبی جارحیت کا شکار ہے اور اس کے ماحولیاتی اور سماجی اثرات خاصے ہولناک ثابت ہوئے ہیں۔ ایک محتاط اندازے کے مطابق اب تک پاکستان میں بھارتی آبی جارحیت بالخصوص اچانک چھوڑے جانے والے سیلابی ریلوں اور پانی کی بندش کے باعث پیدا ہونے والی صورتحال کی وجہ سے لگ بھگ چھ ہزار افراد جاں بحق اور ہزاروں زخمی ہو چکے ہیں۔ انسانی جانوں کا یہ ضیاع پاک بھارت جنگوں میں ہونے والے جانی نقصان سے بھی زیادہ ہے' جو اس امر کی دلیل ہے کہ بھارت پانی کو بطور ہتھیار استعمال کر رہا ہے' جو انتہائی خطرناک رجحان ہے۔ 1960ء میں پاکستان اور بھارت کے مابین ورلڈ بینک کی ثالثی میں طے پانے والے سندھ طاس معاہدے میں نہ صرف دونوں ممالک کے مابین آبی مسائل کا عالمی قوانین کے تناظر میں حل نکالا گیا بلکہ یہ ایسا جامع معاہدہ تھا جو چھ دہائیوں سے زائد عرصہ سے دونوں ممالک میں نافذ العمل ہے اور باہمی جنگوں کے دوران بھی معطل نہیں ہوا۔ تاہم گزشتہ برس اپریل میں پہلگام فالس فلیگ واردات کے بعد بھارت نے یکطرفہ طور پر سندھ طاس معاہدے کو معطل کرنے کا اعلان کر دیا اور بعدازاں مغربی دریاؤں میں پانی چھوڑنے کی اطلاعات بھی روایتی فورمز کے ذریعے نہیں دی گئیں جس کے سبب پاکستان کو سیلابی ریلوں سے نمٹنے میں اضافی مسائل کا سامنا کرنا پڑا۔ عالمی ثالثی عدالت اور معاہدے کا ضامن ورلڈ بینک متعدد بار یہ حقیقت واضح کر چکے کہ بھارت کو یکطرفہ طور پر اس معاہدے کو معطل' منسوخ یا اس میں من مانی تبدیلیاں کرنے کا اختیار نہیں۔ ورلڈ بینک کے صدر اجے بنگا رواں سال اپریل میں یہ واضح کر چکے ہیں کہ سندھ طاس معاہدے میں اسے یکطرفہ معطل یا ختم کرنے کی کوئی شق نہیں' معاہدے میں تبدیلی یا اسے ختم کرنے کیلئے پاکستان اور بھارت' دونوں کا متفق ہونا ضروری ہے۔ پاکستان بھی بارہا بھارت پر واضح کر چکا کہ معاہدے میں کسی بھی قسم کے تغیر و تبدل یا تنازع کی صورت میں ایک واضح اور قانونی طریقہ کار پہلے سے موجود ہے' لہٰذا اگر بھارت کو تحفظات ہیں تو اسے متعلقہ فورم سے رجوع کرنا چاہیے' مگر بھارت اس عالمی معاہدے پر عملدرآمد سے انکار کر کے ایسی روایت کی بنیاد رکھ رہا ہے جو دنیا میں فقط تباہی کا پیغام لائے گی۔ دنیا بھر میں اس وقت سو سے زائد ممالک ایسے ہیں جو دریاؤں کے پانی کی تقسیم اور آبی مسائل کا شکار ہیں۔ دنیا کی 40 فیصد سے زائد آبادی ان دریاؤں کے بیسن پر آباد ہے جو ایک سے زائد ممالک سے گزرتے ہیں لہٰذا بین الاقوامی برادری کو یہ بات ذہن نشین رکھنی چاہیے کہ اگر آج بھارت کو سندھ طاس معاہدے کی خلاف ورزی کرنے کی کھلی چھوٹ دی گئی تو دنیا بھر میں انتہائی منفی اور ایک خطرناک مثال قائم ہو جائے گی اور حتمی نتیجے میں پانی کے تنازعات سنگین جنگوں کی شکل بھی اختیار کر سکتے ہیں' جس سے پوری دنیا کا امن و استحکام تباہ ہو جائے گا۔ تمام تر آبی مسائل اور تنازعات کا پائیدار حل صرف اور صرف عالمی معاہدوں کی پاسداری اور بین الاقوامی قوانین کے احترام میں پنہاں ہے۔ عالمی برادری' اقوام متحدہ اور سندھ طاس معاہدے کے ضامن ورلڈ بینک کو چاہیے

گزشتہ ہفتے سوئٹزرلینڈ میں امریکہ اور ایران کے مذاکرات

گزشتہ ہفتے سوئٹزرلینڈ میں امریکہ اور ایران کے مذاکرات کے بعد فریقین میں مفاہمتی یادداشت کے نکات کے مطابق تکنیکی مذاکرات جاری رہنے کی امید کی جا رہی تھی۔ اس پیش رفت کو عالمی پذیرائی حاصل ہوئی اور معاشی اشاریوں پر اس کے مثبت اثرات سامنے آئے۔ تیل کی قیمتوں میں نمایاں کمی آئی اور یہ جنگ سے پہلے کی سطح پر پہنچ گئیں' مشرق وسطیٰ کے ممالک میں سفارتی رابطوں کی بحالی کے سلسلے میں بھی تیزی دیکھنے میں آئی اور تہران' یو اے ای میں یکم جولائی سے پروازوں کی بحالی کی خوشخبری بھی اس میں شامل تھی۔ مشرق وسطیٰ کیلئے یہ غیر معمولی اور نہایت خوشگوار تبدیلیاں امریکہ ایران جنگ بندی اور امن کی بحالی کا پہلا براہِ راست نتیجہ تھا جس پر دنیا نے سکھ کا سانس لیا۔ مگر پچھلے دو روز میں امریکہ اور ایران میں ایک بار پھر مسلح حملے اور جوابی حملے اس پُرامید صورتحال میں مایوسی کا سبب بنے اور امن کاوشوں کا مستقبل خطرے میں محسوس ہونے لگا۔ مگر خیریت گزری کہ اس پنجہ آزمائی نے زیادہ طول نہیں پکڑا اور گزشتہ روز صدر ٹرمپ کی جانب سے یہ بیان سامنے آیا کہ فریقین آج (منگل کے روز) دوحہ میں ملاقات کریں گے۔ وائٹ ہاؤس کی جانب سے بھی اسکی تصدیق کی گئی ہے کہ ایران کے ساتھ تکنیکی مذاکرات کیلئے سٹیو وٹکوف اور جیرڈ کشنر دوحہ جا رہے ہیں۔ یہ خوش آئند پیش رفت ہے اور امن عمل کو آگے بڑھانے کا یقینی راستہ یہی ہے کہ فریقین مذاکراتی سلسلے کو معطل نہ ہونے دیں۔

فریقین میں تین ماہ سے جاری سفارتی عمل کے باوجود بے یقینی اور بداعتمادی کا ایک کوہِ گراں ہے جسے سر کرنا ہے' اس صورتحال میں ملاقاتوں کا سلسلہ طرفین کو اپنے تحفظات کو پیش کرنے اور ان کا ازالہ کرنے کا بہتر موقع فراہم کر سکتا ہے؛ چنانچہ امریکہ اور ایران کو مفاہمتی یادداشت کے مطابق طے شدہ نکات پر گفت و شنید کیلئے ملاقاتوں کا سلسلہ کسی صورت معطل نہیں ہونے دینا چاہیے۔ اگرچہ فریقین کو ایک دوسرے سے کئی شکایات ہیں' یہ آبنائے ہرمز کے حوالے سے بھی ہیں اور لبنان میں جنگ بندی اور اسرائیلی افواج کے مکمل انخلا کے حوالے سے بھی' تاہم فریقین کو یقینی بنانا ہوگا کہ یہ مسائل قیام امن کیلئے مہینوں کی محنت کو سبوتاژ نہ ہونے دیں۔ اس میں شک نہیں کہ اسرائیل کو یہ پیش رفت گوارا نہیں اور اس کی جانب سے بار بار ایسی حرکتیں نوٹ کی جا رہی ہیں کہ یہ امن عمل پٹڑی سے اتر جائے' کیونکہ مشرق وسطیٰ میں امن اور عرب ممالک' ایران اور امریکہ میں اعتماد کی صورتحال صہیونی ریاست کے گھناؤنے عزائم کیلئے رکاوٹ بن سکتی ہے؛ چنانچہ اسرائیل ہر صورت میں چاہے گا کہ کسی نہ کسی طرح ایسے حالات پیدا ہوتے رہیں کہ ایران' امریکہ اور عرب ممالک اس کشیدگی میں پھنسے رہیں۔ مگر دانشمندی اسی میں ہے کہ ان حالات میں ہر اس اقدام سے اجتناب برتا جائے جو اسرائیل کے فاسد عزائم کو پروان چڑھانے میں مدد کرے۔ امریکہ اور ایران میں کشیدگی کا پھیلاؤ بھی ان میں سے ایک ہے۔ یہ تو اس صورتحال کا علاقائی تناظر ہے' عالمی تناظر یہ ہے کہ دنیا کی معیشت کو مشرقِ وسطیٰ سے گہرا تعلق ہے۔ یہ خطہ توانائی کے وسائل ہی کا حامل نہیں' دنیا میں دولت کا بہت بڑا مرکز اور معدنی وسائل کی پیداوار کے حوالے سے بھی دنیا کا خاصا انحصار اسی خطے پر ہے۔ جنگ کی وجہ سے آبنائے ہرمز کی بندش اور خطے میں سیکیورٹی کے عمومی خدشات کی وجہ سے تیل اور دیگر مصنوعات کی قیمتوں میں جو اضافہ ہوا

پاک وشفاف صحافت ناگزیر

جب سے سوشل میڈیا نے قدم رکھا ہے کم و بیش ایسے لوگوں کو خودساختہ صحافی کہلواتے سنا بہت گیا ہے اور سوشل میڈیا میں انہیں دیکھا بھی گیا ہے، ان میں نام نہاد ایسے صحافیوں کے منفی اشو سامنے آتے رہے ہیں جس سے عام عوام کے ذہنوں، سوچوں خیالوں میں صحافی اور صحافت کا رنگ منفی نظر آتا ہے لیکن حقیقت اسکے برعکس ہے کیونکہ صحافت ایک مقدس و معتبر پیشہ اور منصب ہے جس میں حقائق سچ ایمانداری و دیانتداری کا جزبی بنیاد ہوتی ہے یہی سبب ہے کہ رجسٹرڈ صحافی آرگنائزیشن اور رجسٹرڈ پریس کلب نہ صرف ریاست وحکومت کی نگاہ میں معتبر رہتے ہیں بلکہ عوام میں ایک خاص تقدس کا مقام بھی رکھتے ہیں۔ اس شعبہ سے تعلق رکھنے والے رجسٹرڈ صحافی نہ صرف اپنی ذات بلکہ اپنے شعبہ کا تقدس کو بام عروج پر پہنچانے کیلئے اپنی جانوں کا بھی نذرانہ پیش کر چکے ہیں۔ رجسٹرڈ صحافی نہ جھکتے ہیں نہ بکتے ہیں وہ شفافیت اور عدل وانصاف پر یقین رکھتے ہیں۔ عصر حاضر میں صحافتی میدان میں گھس بیٹھیوں کی جعل سازی اور مکروہ فریب کو روکنے کیلئے لازماً قانون سازی کیساتھ ساتھ لائحہ عمل لانا ناگزیر بن چکا ہے۔ میں کراچی سے شروع کرتا ہوں کہ کراچی میں جرنلسٹ کی دو بڑی رجسٹرڈ یونین ہیں جن میں کراچی یونین آف جرنلسٹ برنا دوسری کراچی یونین آف جرنلسٹ دستور انہیں یونین کی شفارش سے کراچی پریس کلب کی ممبر شپ بھی حاصل ہوتی ہے جبکہ کراچی پریس کلب بین الاقوامی سطح پر تسلیم کردہ معروف اور تاریخی حیثیت کا مالک بھی ہے۔

بیدار ہونے تک
جاوید صدیقی

کراچی عروس البد شہر ایک بہت وسیع ہوگیا ہے اسی نسبت کئی علاقوں میں چند ایک گھس بیٹھیوں نے نت نئے نام اور رنگ سے اس شعبہ سے منفی فائدہ اٹھانے کی کوشش کرتے رہے ہیں۔ سندھ انفارمیشن ڈپارٹمنٹ، سندھ پولیس اور حکومت سندھ صحافیوں کی عزت و احترام اور مقام کو ترجیح دیتے ہوئے ان جعل سازوں پر سخت قدم نہیں اٹھاتے کہ کہیں حقیقی صحافی زد میں نہ آجائے۔ آج کے جدید کمپوٹرائز دور میں حقیقی اور جعلی میں فرق کرنا کوئی مشکل نہیں رہا۔ ہر رجسٹرڈ یونین اور کلب کے ممبران کی فہرستوں پر مبنی ڈیٹا ہر تھانے، اور ریاستے اداروں کو فراہم کرنا ناگزیر ہو چکا ہے تاکہ کوئی بھی اگر جعل ساز فریبی صحافی بن کر لوٹنے بلیک میلنگ کرنا چاہے تو اس کی جانچ پڑتال ہاتھوں ہاتھ ہوسکے اور صحافت ان جعل سازوں کی جعل سازی اور بلیک میلنگ سے محفوظ رہ سکے، اس کیلئے حکومت اور رجسٹرڈ صحافتی یونین وکلب ایک باہمی مشترکہ اپلیکیشن تیار کریں جس میں ہر رجسٹرڈ صحافی کا مکمل ڈیٹا موجود ہو۔ نام، ولدیت، ادارہ، بیٹ، عہدہ، سیکشن، کیفیت، شناختی کارڈ نمبر، ایڈریس، موبائل نمبر اور ای میل بھی شامل ہوں۔ ساتھ ساتھ ہر ڈیٹا کیساتھ فنگر و آئی پرنٹ اور اسکینگ بھی شامل کی جائے تاکہ اس اپلیکیشن سے صرف صحافی واضح ہو جائیں گے اور انکی تعداد بھی۔ اس طریق سے ایک جانب صحافت اپنا کھویا مقام حاصل کر سکے گی تو دوسری جانب صحافت کو بلیک میلنگ اور جعل سازی کے طور پر کوئی استعمال نہیں کر سکے گا یہ کام کوئی مشکل نہیں مگر ارادہ اور عمل پختہ ہونا ضروری ہے۔۔۔۔!!

ایران کے زیرسایہ سکیورٹی کیسے ممکن ہے؟

ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے عرب ممالک کو علاقے میں مشترکہ سکیورٹی نظام قائم کرنے کا مشورہ دیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ نظام ایران پر امریکی حملوں اور جواب میں خلیجی ممالک میں ایرانی حملوں کے بعد زیادہ ضروری ہوگیا ہے۔ ایران کی تجویز ہے کہ نئے سکیورٹی نظام میں کوئی غیر ملکی مداخلت شامل نہ ہو۔

عباس عراقچی نے یہ باتیں بغداد کے مختصر دورہ کے دوران عراقی وزیر خارجہ فواد حسین کے ساتھ مشترکہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 'ہمیں ایک نیا سکیورٹی فریم ورک تشکیل دینا چاہیے جس میں خطے کے تمام ممالک شامل ہوں اور خطے سے باہر کسی بھی ملک کی موجودگی یا مداخلت نہ ہو'۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ اقدام خلیج میں امریکی فوجی اڈوں پر ایران کے جوابی حملوں کے بعد ضروری ہوگیا ہے جو امریکی حملوں کے ردعمل میں کیے گئے تھے۔ اس موقع پر عراق کے وزیر خارجہ نے مہمان وزیر کے اس بیان پر کوئی تبصرہ کرنے کی بجائے آبنائے ہرمز کھولنے اور جنگ ختم کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔

یہ پہلو قابل غور ہونا چاہیے کہ ایران کے اعلیٰ ترین سفارت کار نے عرب ممالک کے ساتھ مشترکہ سکیورٹی نظام قائم کرنے کے بارے میں دورہ عراق کا انتخاب کیا۔ انہوں نے یہ بات اس تنازعہ کے ثالث پاکستانی حکام کے ساتھ بات چیت کے دوران نہیں کہی اور نہ ہی دیگر اہم عرب ممالک کے ساتھ گفتگو میں اس قسم کی کوئی تجویز پیش کی گئی ہے۔ اگرچہ ایران جنگ شروع ہونے کے بعد روز اول سے یہ اعلان کرتا رہا ہے کہ مغربی ایشیا کے ممالک میں امریکی اڈے نہیں ہونے چاہئیں۔ آج بھی مشترک دفاعی انتظام کی بات کرتے ہوئے عباس عراقچی نے درحقیقت علاقے کے ممالک کو متنبہ کیا ہے کہ وہ اپنی سرزمین پر سے امریکی اڈے ختم کر دیں ورنہ انہیں ایران چین سے نہیں رہنے دے گا۔ عباس عراقچی کی یہ تجویز ایک ایسے موقع پر سامنے آئی ہے جب ایران نے امریکہ کے ساتھ نئی جھڑپوں کے دوران بحرین اور کویت میں امریکی اڈوں کو نشانہ بنایا ہے۔ خلیج تعاون کونسل نے ان حملوں کی مذمت کرتے ہوئے اسے ایرانی جارحیت قرار دیا ہے۔ اس کونسل میں متحدہ عرب امارات، بحرین، عمان، قطر اور سعودی عرب شامل ہیں۔ اس پس منظر میں دو باتیں بنیادی اہمیت کی حامل ہیں۔ ایک تو یہی کہ ایرانی وزیر خارجہ اس تجویز کے ذریعے اپنے ہمسایہ ملکوں کو کیا پیغام دینا چاہتے ہیں۔ کیا یہ ایک دوستانہ مشورہ، تجویز یا باہمی تعاون کے کسی منصوبے کا خاکہ ہے یا یہ ایران کی خواہش ہے۔ تاہم عراق جیسے کمزور اور غیر مستحکم ملک کے دورہ کے دوران دھمکی آمیز انداز میں یہ تجویز پیش کر کے ایرانی لیڈر نے تہران کی اس خواہش کا اظہار کیا ہے کہ مستقبل کے مغربی ایشیا میں اسے غیر مشروط طاقت مان

داستانِ زیست
زبیر محمود ایڈووکیٹ

لیا جائے ورنہ وہ کسی ملک کو امن و چین سے زندہ نہیں رہنے دیا جائے گا۔ اس حوالے سے سب سے اہم سوال یہ ہے کہ خودمختار عرب ممالک کو کسی سکیورٹی نظام پر متفق ہونے کی دعوت دیتے ہوئے ایران اپنی حفاظت کی بات کر رہا ہے یا ہمسایہ ممالک کو دھمکی دے رہا ہے کہ اگر اس کی بات نہ مانی گئی تو وہ ان کا جینا حرام کیے رکھے گا۔ اس حوالے سے اس سوال کا جواب دینا ضروری ہوگا کہ کسی اہم تجویز کو دھمکی کے ساتھ منسلک کر کے ایران کیا مقصد حاصل کرنا چاہتا ہے۔ کیا وہ عرب ممالک کو یہ تاثر دینے کی کوشش کر رہا ہے کہ ایران غیر معمولی طور سے طاقت ور ملک ہے اور اس علاقے کے سب ممالک کو اب اسی کی شرائط پر معاملات طے کرنے ہوں گے۔ اس لیے اگر تہران یہ کہہ رہا ہے کہ آؤ؟ مل کر سکیورٹی انتظام پر اتفاق کر لیں تو یہی واحد راستہ ہے۔ اس کے سوا کسی دوسرے طریقے کو قبول نہیں کیا جائے گا۔ دعوے کرنے کے جوش میں ایرانی لیڈر کسی بھی قسم کا کوئی بھی دعویٰ کر سکتے ہیں لیکن دیکھنا ہوگا کہ کیا ایرانی حکومت اس قسم کے دعوے پورا کرنے کے قابل بھی ہے۔ تباہ حال معیشت، بدحال اور ناراض عوام کی اکثریت اور منتشر اور آپس میں دست و گریباں ایرانی قیادت، کیا اس قابل ہے کہ وہ ہمسایہ ملکوں کو اپنی شرائط پر سکیورٹی انتظامات کرنے پر آمادہ کر سکے۔ عباس عراقچی کی تجویز میں واضح کیا گیا ہے کہ مجوزہ سکیورٹی انتظامات میں 'خطے سے باہر کسی بھی ملک کی موجودگی یا مداخلت نہ ہو'۔ یہ مشورہ سنتے ہی عام طور سے یہی قیاس کیا جاتا ہے کہ ایرانی لیڈر مغربی ایشیا کے ممالک میں امریکی موجودگی کی طرف اشارہ کر رہے ہیں۔ اس سے پہلے بھی ایران یہی کہتا رہا ہے کہ وہ مجبوری کے عالم میں عرب ممالک میں امریکی اڈوں کو نشانہ بناتا ہے ورنہ وہ اپنے تمام ہمسایہ ملکوں کا احترام کرتا ہے۔ شروع میں ایسے حملوں کے بعد ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے عرب ممالک سے معافی بھی مانگی تھی۔ یہ دعویٰ بھی کیا جاتا ہے کہ یہ حملے صرف ان امریکی اڈوں پر کیے جاتے ہیں جہاں سے امریکی افواج ایران کو نشانہ بناتی ہیں۔ لیکن ایران کبھی اس بات کا ثبوت پیش نہیں کر سکا کہ اس پر ہونے والے امریکی حملے درحقیقت کس ملک میں واقع امریکی اڈے سے ہوئے تھے۔ کیوں کہ ایک تو امریکہ کے متعدد عرب ممالک میں اڈے موجود ہیں لیکن اس کے علاوہ اس کا طاقت ور بحری بیڑا بھی ایرانی بحری حدود کے قریب ہی موجود ہے۔ ان میں ہر بحری بیڑا کسی بھی عسکری اڈے سے زیادہ موثر طریقے سے اہداف کو نشانہ بنانے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ لیکن ایران نے کبھی کسی بھی امریکی بیڑے کو نشانہ بنانے اور اسے تباہ کر دینے کے دعوے نہیں کیے۔ عرب ممالک میں امریکی اڈوں کا نام لے کر جو حملے کیے گئے، ان میں بھی بین الاقوامی ہوائی اڈے، تیل وگیس کی تنصیبات اور شہری مراکز کو بھی نشانہ بنایا گیا۔ ایران نے کبھی اس بے اعتدالی پر معافی مانگنے یا اس کی وضاحت کرنے کی ضرورت محسوس نہیں کی۔

دوسری طرف عرب ممالک میں بیشتر امریکی اڈے اس جنگ کے دوران 'غیر فعال' رہے ہیں۔ ایران کے پاس ایسی فنی صلاحیت بھی نہیں ہے کہ وہ کسی امریکی حملے کا درست سراغ لگا کر بتا سکے کہ وہ کہاں سے شروع کیے گئے تھے۔ اس لیے ایسے دعوے درحقیقت ایران کے پروپیگنڈے اور عرب ممالک کو ہراساں کرنے کا ہتھکنڈا ہیں۔

ایران جب 'باہمی سکیورٹی نظام' میں خطے کے باہر کے ملکوں کو پرے رکھنے کی بات کرتا ہے تو اس کا اشارہ امریکہ کے علاوہ پاکستان کی طرف بھی ہوسکتا ہے جس نے گزشتہ سال ہی سعودی عرب کے ساتھ دفاعی معاہدہ کیا تھا۔ اس معاہدے کے تحت پاکستان اور سعودی عرب ایک پر حملے کی صورت میں دوسرے پر حملہ تصور کرنے کے پابند ہیں۔ اسی لیے پاکستانی لیڈروں نے ایران کو جنگ بندی پر آمادہ کرنے کے دوران واضح کیا تھا کہ سعودی عرب پاکستان کی ریڈ لائن ہے۔ یہی وجہ ہے کہ شروع میں چند حملے کرنے کے بعد ایران، سعودی عرب کو نشانہ بنانے سے باز رہا ہے۔ اس کے علاوہ اس معاملہ کا یہ پہلو بھی قابل غور ہونا چاہیے کہ ایران کیسے اپنے خودمختار عرب ممالک کو کسی سکیورٹی نظام کی تجویز دیتے ہوئے

سندھ طاس معاہدہ: پانی کا تنازعہ برصغیر میں خطرناک جنگ کا سبب بن سکتا ہے

تحریر: سید مجاہد علی

اسلام آباد میں سندھ طاس معاہدے پر عمل درآمد کے سوال پر ایک سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے پاکستان کے انڈس واٹر کمشنر سید محمد مہر علی شاہ، وفاقی وزیروں اور سیاسی لیڈروں نے بھارت کی طرف سے اس معاہدے کو معطل رکھنے کے طریقہ کو سنگین معاملہ قرار دیا ہے۔

ان تقریروں میں یہ حقیقت واضح تھی کہ بھارت کا عدم تعاون جوہری ہتھیاروں کے حامل دو ہمسایہ ممالک کے درمیان سکیورٹی کی خطرناک صورت حال پیدا کر سکتا ہے۔ اگرچہ مقررین نے سفارتی حدود میں رہتے ہوئے مسائل کی نشاندہی کی لیکن پاکستان کی طرف سے دوٹوک الفاظ میں بتایا گیا کہ یہ معاملہ محض بھارت کی ضد یا خودمختاری سے متعلق نہیں ہے۔ بالائی علاقوں میں دریاؤں کے حامل ممالک اگر نشیب میں آباد ممالک کا پانی روکنے اور کسی قوم کو پیاسا مارنے کا اعلان کرنا شروع کر دیں تو یہ دنیا ایک لمحہ بھی امن سے نہیں رہ سکتی۔ سندھ طاس معاہدہ دنیا بھر میں ایک ایسے معاہدے کے طور پر جانا جاتا ہے جو 1960 میں طے پانے کے بعد سے اب تک موجودہ ہے۔ اس معاہدے میں طے شدہ اصول کے تحت کوئی ایک فریق اس معاہدے کو یک طرفہ طور سے ختم نہیں کر سکتا۔ تاہم بھارت میں مودی حکومت گزشتہ چند برس سے اس خواہش پر عمل کرنا چاہتی ہے۔ لیکن ایک ذمہ دار ملک کے طور پر بھارت کو احساس ہونا چاہئے کہ اگر پاکستانی علاقے کا پانی بند کیا جائے گا یا اس کے بہاؤ میں اتار چڑھاؤ پیدا کرنے کی کوشش کی جائے گی تو یہ رویہ تادیر برداشت نہیں ہو سکے گا۔ پاکستانی مؤقف کو اس معاہدے کے تحت عالمی ثالث کی تائید بھی حاصل ہے۔ واٹر کمشنر سید محمد مہر علی شاہ نے سیمنار میں بتایا کہ عالمی ثالث نے اس معاہدے کو التوا میں ڈالنے کے بھارتی اعلان کے خلاف پاکستانی مؤقف کی حمایت کی ہے۔ مئی 2026 میں عالمی ثالث نے بھارت کا یہ مؤقف مسترد کر دیا کہ بھارت نے چونکہ اس معاہدے کو معطل کیا ہوا ہے، اس لیے ثالث اس معاملہ کی سماعت نہیں کر سکتا۔ اسی طرح اگر بھارت عالمی ثالث کے سامنے اس تنازعہ پر کسی شکایت کی پیروی نہ بھی کرے تو بھی ثالث شکایت کا جائزہ لے کر ایوارڈ دے سکتا ہے۔ اس کے ساتھ ہی عالمی ثالث نے قرار دیا کہ سندھ طاس معاہدہ حتمی اور ناقابل تبدیلی ہے اور دونوں ممالک اس کی پابندی کرنے کے ذمہ دار ہیں۔ اس معاہدہ کے حوالے سے سامنے آنے والا تنازعہ صرف اسی معاہدے میں طے کیے گئے اصولوں کے تحت حل کیا جاسکتا ہے۔ بھارت نے گزشتہ سال پہلگام سانحہ کے بعد اس معاہدے کو معطل کرنے کا اعلان کیا تھا۔ اس کے بعد گزشتہ سال مئی کے شروع میں پاکستان کے خلاف 'آپریشن سندور' کے نام سے جنگی کارروائی کی گئی تھی۔ یہ جنگ دونوں ملکوں کے درمیان کوئی معاملہ طے نہیں کر سکی اور دونوں سیز فائر پر متفق ہو گئے۔ البتہ جنگ ختم ہونے کے باوجود بھارت سندھ طاس معاہدے یا ان تین دریاؤں کے پانی کو پاکستان پر دباؤ بڑھانے کے لیے ہتھکنڈے کے طور پر استعمال کر رہا ہے جو سندھ طاس معاہدہ کے تحت پاکستان کا حق ہے۔ اس معاہدہ کے تحت تین مشرقی دریاؤں راوی، بیاس اور ستلج کے پانی پر بھارت کو حق دیا گیا تھا جبکہ تین مغربی دریاؤں سندھ، جہلم اور چناب کے پانی پر پاکستان کا استحقاق مانا گیا تھا۔ بھارت مقبوضہ کشمیر سے نشیب کی طرف بہنے والے ان دریاؤں کا پانی روکنے کا مجاز نہیں ہے۔ پاکستان کے واٹر کمشنر نے بتایا ہے کہ پاکستان ان دریاؤں پر ایسے منصوبوں کی مخالفت نہیں کرتا جس سے پانی کا بہاؤ متاثر نہ ہو لیکن ایسے ڈیم یا منصوبے قبول نہیں کیے جاسکتے جن کے ذریعے بھارت ان دریاؤں کا پانی ذخیرہ کر کے پاکستانی علاقوں کو خشک سالی کا شکار بنا دے۔

واٹر کمشنر مہر علی شاہ نے بتایا کہ معاہدے کے تحت دونوں ملکوں کے ماہرین کے درمیان باقاعدہ ملاقاتوں کا طریقہ 2023 سے معطل ہے لیکن گزشتہ سال اس معاہدہ کو معطل قرار دینے کے بعد سے بھارتی کمیشن نے پاکستان کی طرف سے کسی قسم کی مواصلت کا جواب دینا بند کیا ہوا ہے۔ اس سے پاکستان کو دریاؤں میں بہاؤ کی صورت حال اور سیلاب یا دیگر مسائل کے بارے میں احتیاطی تدابیر اختیار کرنے میں مشکلات پیش آتی ہیں۔ ابھی تک عالمی ثالث کے ایوارڈ کے باوجود بھارت نے اپنا مؤقف تبدیل نہیں کیا۔ اس کے علاوہ بھارت نے چناب بیاس پراجیکٹ کا اعلان بھی کیا ہے۔ اس کے تحت پاکستان کے حصے میں آنے والے دریا چناب کا 9.1 ملین ایکڑ فٹ پانی دریائے بیاس میں شامل کر دیا جائے گا تاکہ یہ پانی پاکستان کو نہ مل سکے۔ بھارت اس قسم کے کسی منصوبے پر عمل کرنے کا مجاز نہیں ہے۔ واٹر کمشنر نے بتایا کہ پاکستان کے چوبیس کروڑ شہری اس پانی سے اپنی بنیادی ضرورتیں پوری کرتے ہیں۔ پاکستان میں زیر کاشت رقبے کا 80 فیصد سندھ، چناب اور جہلم سے حاصل ہونے والے پانی کا محتاج ہے۔ اس وقت پاکستان میں زراعت مجموعی قومی پیداوار کا ایک چوتھائی حصہ پورا کرتی ہے جبکہ ورک فورس کی ایک تہائی اس شعبہ سے وابستہ ہے۔ بالائی علاقے میں دریاؤں کو کنٹرول کرنے والا کوئی ملک محض نشیب میں ہونے کی وجہ سے پاکستان کو پانی سے محروم نہیں کر سکتا۔ پانی کے بحران سے پیدا ہونے والی ایمرجنسی درحقیقت قومی ایمرجنسی ہوگی۔ اسے پاکستان کے لوگوں کی زندگی اور موت کا سوال کہا جاسکتا ہے۔

پاکستان کا یہ مؤقف صائب اور درست ہے کہ سندھ طاس معاہدہ حتمی ہے اور دونوں ملک اس کے پابند ہیں۔ یہ اتنا اہم اور طاقت ور معاہدہ ہے کہ دونوں ملکوں کے درمیان 1965 اور 1971 کی جنگوں کے دوران بھی اس سے چھیڑ چھاڑ کرنے کی کوشش نہیں کی گئی۔ لیکن مودی حکومت پاکستان پر دہشت گردی کی سرپرستی کا یک طرفہ الزام لگاتے ہوئے اب اس معاہدے سے فرار حاصل کرنا چاہتی ہے۔ لیکن سیاسی بیان بازی میں زمینی حقائق نظرانداز کیے جا رہے ہیں۔ دہشت گردی ایک اہم مسئلہ ہوسکتا ہے

پنجاب میں ٹریفک جرمانے: عوامی تحفظ یا ریونیو کا ہدف؟

پنجاب بھر میں ٹریفک جرمانوں کے اجرا کے طریقہ کار پر عوامی تشویش میں اضافہ ہو رہا ہے۔ بہت سے شہریوں کا ماننا ہے کہ ٹریفک پولیس اہلکاروں پر روزانہ یا ماہانہ اہداف پورے کرنے کا دباؤ ہوتا ہے۔ اس کے نتیجے میں بعض موٹر سائیکل سواروں اور گاڑی چلانے والوں کو یہ محسوس ہوتا ہے کہ انہیں اس وقت بھی روکا اور جرمانہ کیا جا رہا ہے جب ان کے پاس تمام ضروری دستاویزات موجود ہوتی ہیں اور انہوں نے کوئی واضح خلاف ورزی نہیں کی ہوتی۔

یہ شکایات صوبے بھر کی سڑکوں پر عام ہوتی جا رہی ہیں۔ روزانہ عوام اور ٹریفک پولیس کے درمیان ہونے والی بحث و تکرار کی ویڈیوز سوشل میڈیا، خصوصاً ٹک ٹاک پر شیئر کی جا رہی ہیں۔ ایسے واقعات نہ صرف قانون نافذ کرنے والے اداروں پر عوامی اعتماد کو نقصان پہنچاتے ہیں بلکہ شہریوں اور پولیس کے درمیان غیر ضروری کشیدگی بھی پیدا کرتے ہیں۔ مزید تشویشناک بات یہ ہے کہ سوشل میڈیا پر یہ الزامات بھی گردش کر رہے ہیں کہ بعض مواقع پر شہریوں سے ذاتی بینک اکاؤنٹس میں رقم منتقل کرنے یا غیر سرکاری رسیدوں کے ذریعے ادائیگی کرنے کا کہا جاتا ہے، بجائے اس کے کہ سرکاری طریقہ کار کے مطابق جرمانہ وصول کیا جائے۔ اگر یہ الزامات درست ہیں تو ان کی فوری اور شفاف تحقیقات ہونی چاہئیں، کیونکہ سرکاری جرمانے صرف مجاز ذرائع سے ہی وصول کیے جانے چاہئیں۔ پنجاب اس وقت سنگین

شہادت
چوہدری محمد الطاف شاہد
sidhulegal@yahoo.com

معاشی چیلنجز کا سامنا کر رہا ہے۔ بہت سے خاندان خوراک، ایندھن اور دیگر ضروری اخراجات پورے کرنے میں مشکلات کا شکار ہیں۔ کم آمدنی والے مزدوروں، ڈرائیوروں اور محنت کشوں کے لیے ٹریفک جرمانے ایک اضافی مالی بوجھ بن جاتے ہیں، جو پہلے ہی مشکلات سے دوچار ہیں۔ مزید برآں، اس صورتحال کے باعث بعض افسوسناک واقعات بھی سامنے آئے ہیں جہاں چند افراد نے شدید مالی دباؤ کے تحت اپنی موٹر سائیکلیں جلا دیں، جبکہ کچھ کیسز میں دل کے دورے جیسے سانحات بھی رپورٹ ہوئے کیونکہ لوگ جرمانے ادا کرنے کی استطاعت نہیں رکھتے تھے۔

ٹریفک قوانین کے نفاذ کا مقصد ہمیشہ سڑکوں پر حفاظت کو بہتر بنانا، عوام کو آگاہی دینا اور قانون کی پاسداری کو یقینی بنانا ہونا چاہیے — نہ کہ یہ تاثر پیدا کرنا کہ ریونیو اکٹھا کرنا بنیادی مقصد بن چکا ہے۔ دیانتدارانہ پولیسنگ عوامی اعتماد کو مضبوط کرتی ہے، جبکہ غیر منصفانہ کار

انٹرنیشنل

بیت لاہیا: فلسطینی راتوں رات اسرائیلی فضائی حملوں سے تباہ ہونے والے خیموں اور گھروں کا معائنہ کر رہے ہیں

امریکی وفد کی قطری وزیراعظم سے ملاقات، تہران واشنگٹن مذاکرات پر گفتگو

دوحہ (این این آئی) امریکی خصوصی ایلچی سٹیو وٹکوف اور صدر ٹرمپ کے داماد جیرڈ کشنر نے دوحہ میں قطری وزیراعظم سے ملاقات کی جس میں تہران اور واشنگٹن کے درمیان جاری مذاکرات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ قطری وزارت خارجہ کے مطابق وزیراعظم نے ملاقات کے دوران قطری ثالثی کی کوششوں کا اعادہ کیا اور مفاہمتی یادداشت کے مطابق مذاکرات کی حمایت کا اظہار کیا۔ ملاقات میں خطے کی تازہ صورتحال پر بات چیت ہوئی، جبکہ لبنان میں جاری جنگ بندی کی پیشرفت پر بھی غور کیا گیا۔ وزارت خارجہ کے بیان کے مطابق ایرانی اور امریکی تکنیکی وفود کی بات چیت مختلف سطحوں پر جاری ہے اور یہ اجلاس مختلف مقامات پر ثالثوں کی موجودگی میں ہو رہے ہیں

بریڈ لینڈر، نیویارک سٹی کے سابق کمپٹرولر اور نیویارک سینٹر کے لیے پولیس ڈیموکریٹک ہاؤس کے امیدوار، کولمبیا یونیورسٹی میڈیکل سینٹر کے ہیون پلازہ میں کولمبیا پوسٹ ڈاکٹرل ورکرز (CPW-UAW لوکل 4100) کے ساتھ ایک ریلی کے دوران خطاب کر رہے ہیں

ایران کیخلاف جنگ ابھی ختم نہیں ہوئی، بہت کام باقی ہے، نیتن یاہو

مشرق وسطیٰ میں محفوظ رہنا ہے تو ایرانی پراکسیز کو ختم کرنا، ہر وقت مضبوط اور چوکنا رہنا ہوگا، انٹرویو

حل ایبب (این این آئی) اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو نے کہا کہ اگرچہ اسرائیل نے ایران، حماس اور حزب اللہ کے خلاف نمایاں کامیابیاں حاصل کی ہیں تاہم جنگ ابھی ختم نہیں ہوئی اور ایرانی پراکسیز کے خلاف مزید اقدامات کرنا ہوں گے۔ یہ بات انھوں نے اسرائیل کے فحی ڈی ڈی چینل کو دیے گئے انٹرویو میں کہی جب ان سے پوچھا گیا کہ کیا ایران، حماس اور حزب اللہ کے خلاف اسرائیل کی جنگیں ختم ہوگئیں یا ان میں کامیابی حاصل کر لی گئی ہے؟ انھوں نے مزید کہا کہ یہ جنگیں ابھی مکمل طور پر ختم نہیں ہوئی۔ اگر آپ مشرق وسطیٰ اور دنیا میں محفوظ رہنا چاہتے ہیں تو آپ کو ہر وقت مضبوط اور چوکنا رہنا ہوگا۔ نیتن یاہو نے بھی کہا کہ اسرائیل پہلے سے زیادہ مضبوط ہو چکا ہے اور اس نے اپنے دشمنوں کو نمایاں حد تک کمزور کر دیا ہے جو ہمارے لیے خطرہ تھے۔ ہمارے لیے یہ اہم ہے کہ ہم ان کے بقیہ ایجنٹوں کو ختم کریں، ہم ان کے باقی ماندہ عناصر سے نمٹنا ہوگا اور ساتھ ہی امن معاہدوں کے نئے مواقع سے فائدہ اٹھانا ہوگا۔ جب نیتن یاہو سے پوچھا گیا کہ وہ کن ممالک کے ساتھ مستقبل میں امن معاہدوں کی توقع رکھتے ہیں اور کیا ان میں سعودی عرب بھی شامل ہے تو انہوں نے کسی ملک کا نام لینے سے گریز کیا۔ انھوں نے کہا کہ میں ابھی کسی ملک کا نام نہیں لینا چاہتا کیونکہ میں نتائج دینا چاہتا ہوں لیکن وقت آنے پر سب دیکھیں گے۔ لبنان کے ساتھ ایسی پیش رفت ہوئی جس کا کسی کو تصور بھی نہیں تھا۔ دیگر ممالک کے ساتھ بھی رابطے جاری ہیں۔ اسرائیلی وزیراعظم نے مزید کہا کہ جب کوئی ملک طاقتور ہوتا ہے تو دوسرے ممالک اس کے ساتھ اتحاد بھی کرتے ہیں۔

مفاہمتی یادداشت میں طے شدہ شرائط پوری ہونے تک ایران مزید مذاکرات میں شامل نہیں ہوگا، قالیباف

مفاہمتی یادداشت کے مطابق آبنائے ہرمز سے بغیر کسی لاگت کے گزرنے کی اجازت صرف 60 دن کے لیے ہوگی، اسپیکر ایرانی پارلیمنٹ

تہران (این این آئی) ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر باقر قالیباف نے کہا ہے کہ مفاہمتی یادداشت میں طے شدہ شرائط پوری ہونے تک ایران مزید مذاکرات میں شامل نہیں ہوگا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق باقر قالیباف کا کہنا تھا کہ ایران کی جانب سے جاری موجودہ مطالعاتی کا مقصد ایم ایو یو کے تحت کیے گئے وعدوں پر عمل درآمد کو یقینی بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ فیصلہ کیا گیا تھا کہ لبنان، ایران، امریکا، لبنان میں جنگ کے خاتمے کی نگرانی کے لیے ایک مشترکہ کنٹرول قائم کریں گے۔ اسپیکر باقر قالیباف نے کہا تھا کہ مفاہمتی یادداشت کے مطابق آبنائے ہرمز سے بغیر کسی لاگت کے گزرنے کی اجازت صرف 60 دن کے لیے ہوگی، ایران آبنائے ہرمز میں اپنے حقوق پر بھی سمجھوتا نہیں کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ آبنائے ہرمز پر خود مختاری ایران اور عمان کی ہے، آبی گزرگاہ میں بحری آمد و رفت انہی انتظامات کے مطابق ہوگی جو ایران مقرر کرے گا۔ باقر قالیباف نے کہا کہ بحری ناکہ بندی کے خاتمے کے بعد سے ایران 40 ملین ٹن زائد تیل برآمد کر چکا ہے، اگر امریکا ایران کو تیل فروخت کرنے سے روکنے کا ارادہ رکھتا ہے تو پھر کوئی بھی تیل سے فائدہ نہیں اٹھا سکے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہم اب اپنا تیل پہلے کے مقابلے میں 20 فیصد زیادہ قیمت پر فروخت کر رہے ہیں۔ مفاہمتی یادداشت کے مطابق آبنائے ہرمز سے بغیر کسی لاگت کے گزرنے کی اجازت صرف 60 دن کے لیے ہوگی، اسپیکر ایرانی پارلیمنٹ

آبنائے ہرمز سے تیل کی ترسیل دوبارہ جنگ سے قبل کی سطح پر پہنچ چکی، امریکی نائب صدر

خطے میں معاہدوں کے موثر نفاذ سے توانائی کی ترسیل اور علاقائی استحکام میں مزید بہتری کی توقع کی جا سکتی ہے، بیان

واشنگٹن (این این آئی) امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز سے تیل کی ترسیل دوبارہ جنگ سے قبل کی سطح پر پہنچ چکی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ایک بیان میں جے ڈی وینس نے کہا کہ اس وقت صورتحال یہ ہے کہ آبنائے ہرمز کھل گئی ہے اور وہاں سے زیادہ مقدار میں تیل کی ترسیل دیکھی جا رہی ہے، بعض دنوں میں جنگ شروع ہونے سے پہلے کے مقابلے میں بھی زیادہ تیل آبنائے ہرمز سے باہر جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ عمل اس بات کی علامت ہے کہ عالمی معیشت دوبارہ فعال ہو رہی ہے، اگرچہ عمل بحالی میں وقت لگے گا، لیکن تیل کی قیمتوں میں پہلے ہی واضح کمی دیکھنے میں آئی ہے۔ جے ڈی وینس کا کہنا تھا کہ لبنان اسرائیل امن معاہدے اور امریکہ ایران عارضی یادداشت کو ایک ساتھ دیکھا جائے تو دونوں دستاویزات کا بنیادی نکتہ لبنان کی علاقائی سالمیت کا احترام ہے۔ امریکی نائب صدر کے مطابق خطے میں معاہدوں کے موثر نفاذ سے توانائی کی ترسیل اور علاقائی استحکام میں مزید بہتری کی توقع کی جا سکتی ہے۔

تارکین وطن کے بچوں کو شہریت دینے کا حکم؛ ٹرمپ امریکی سپریم کورٹ پر برہم

سپریم کورٹ کے فیصلے کو کانگریس سے تبدیل کروائیں گے، امریکی صدر ٹرمپ کا ردعمل

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے تارکین وطن کے بچوں کو شہریت دینے سے متعلق اپنے صدارتی حکم کے سپریم کورٹ سے مسترد ہونے پر برہمی کا اظہار کیا ہے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے سپریم کورٹ کے حالیہ فیصلے کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ عدالت نے اپنے فیصلے سے تقریباً ایک صدی بعد صدارتی اختیارات بحال کر دیے ہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ اپنی حیثیت اور عوامی طاقت کو استعمال کرتے ہوئے اب پیدائشی شہریت سے متعلق سپریم کورٹ کے اس فیصلے کو کانگریس کے ذریعے تبدیل کرانے کی کوشش کی جائے گی۔ صدر ٹرمپ نے کہا کہ سپریم کورٹ کا سب سے بڑا اور سب سے اہم فیصلہ 'سلاٹر کیس' تھا جس نے تقریباً سو سال سے راج ہمبرلز ایگزیکیٹو رول، کو ختم کر دیا۔ انھوں نے مزید کہا کہ صدارتی اختیارات کا معاملہ سابق امریکی صدر فرینکلن ڈی روزویلٹ کے دور سے تنازع کا شکار رہا، جب ان کے بقول صدر کے بہت سے اختیارات محدود کر دیے گئے تھے۔ صدر ٹرمپ نے دعویٰ کیا کہ روزویلٹ نے ان اختیارات کی بحالی کی کوشش کی یہاں تک کہ سپریم کورٹ کے ججوں کی تعداد بڑھانے کی تجویز بھی دی لیکن وہ کامیاب نہ ہو سکے۔ انھوں نے مزید کہا کہ سپریم کورٹ کے حالیہ فیصلے نے صدارتی منصب کو وہ وسیع اختیارات واپس دیے ہیں جن کا وہ دارالقرار کے لیے پیرامز کی بات ہے کہ وہ اس تاریخی مقدمے میں کامیابی حاصل کرنے والے موجود صدر ہیں۔

جوہانسبرگ: جنوبی افریقی باشندوں کا غیر قانونی تارکین کے خلاف مظاہرہ

روبیو، وٹکوف بریفنگ سے اتنے جواب نہیں ملے جتنے سوالات پیدا ہوئے، گریگری میکسو

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کے ڈیموکریٹک رکن کانگریس گریگری میکسو نے وزیر خارجہ مارکو روبیو، صدر ٹرمپ کے خصوصی مندوب اسٹیو وٹکوف اور داماد پر ایران کے معاملے پر کڑی تنقید کی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق گریگری میکسو نے اپنے بیان میں کہا کہ مارکو روبیو اور اسٹیو وٹکوف کی بریفنگ سے اتنے جواب نہیں ملے جتنے سوالات پیدا ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ روبیو اور وٹکوف نے امریکا ایران مفاہمتی یادداشت پر متضاد بیانات دیے، اسٹیو وٹکوف معاہدے کے بنیادی تکنیکی پہلوؤں سے ہی ناواقف نکلے۔ گریگری میکسو نے کہا کہ وٹکوف اور کشنر پیچیدہ ترین نیوکلیئر امور پابندیوں کا اشو ہینڈل کرنے کے اہل نہیں۔

الٹاڈینا: کیلیفورنیا سینیٹ بل ایس بی 1090 کی حمایت میں ایٹن آگ سے بچ جانے والے اور کمیونٹی کے حامی ایک جلی ہوئی جائیداد پر پریس کانفرنس میں شرکت کر رہے ہیں

SPORTS سپورٹس

استنبول: پورٹو ریکو کے کلاڑی ڈی سی مین وینیویر پورٹو ریکو اور ترکی کے درمیان FIBA U17 باسکٹ بال ورلڈ کپ گروپ فیز گیم کے بعد جمع ہیں

ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ، آسٹریلیا آٹھویں مرتبہ فائنل کھیلنے کا اعزاز حاصل کر لیا

اوول (این این آئی) آئی سی سی ویمنز 20 ورلڈ کپ کے پہلے سیمی فائنل میں آسٹریلیا ویمن نے ویسٹ انڈیز ویمن کو 8 رنوں سے شکست دیکر آٹھویں مرتبہ فائنل کھیلنے کا اعزاز حاصل کر لیا، ایشلی گارڈنر میچ کی بہترین کھلاڑی قرار پائیں۔ اوول کرکٹ گراؤنڈ میں کھیلے گئے پہلے سیمی فائنل میں آسٹریلیا نے ٹاس جیت کر فیلڈنگ کرنے کا فیصلہ کیا۔ ویسٹ انڈیز ٹیم نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں 7 وکٹوں کے نقصان پر 125 رنز بنائے۔ ویسٹ انڈین کپتان ہیلی میتھیوز 30، ڈیڈرا ڈوٹن 26، شمین کیمبل 22، کیانہ جونز 16، رنز کے ساتھ ٹاپ اسکورر رہیں۔ آسٹریلیا کی جانب سے سوفی مولینکس، ایشلی گارڈنر، جارجیا ویرہیم نے دو دو اور ایزابیل سدرلینڈ نے ایک کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔ آسٹریلیا ٹیم نے 126 رنز کا ہدف 13 ویں اوور میں صرف 2 وکٹیں گنوا کر حاصل کر لیا۔

اس انجلیس، کیلیفورنیا میں اونٹاریو کنونشن سینٹر میں ویمنز ڈبلز راؤنڈ آف 16 کے میچ میں چین کی وانگ سیدی اور چن بی مدمقابل ہیں

شاداب خان پاکستان کا ٹی20 کپتان بننے کیلئے سب سے مضبوط امیدوار ہیں، عماد وسیم

ہر کپتان غلطیاں کرتا ہے، شاداب ٹیم کی موثر قیادت کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں، انٹرویو

کراچی (این این آئی) پاکستان کے سابق آل راؤنڈر نے شاداب خان کو ٹی20 ٹیم کا کپتان بنانے کی حمایت کر دی۔ سابق آل راؤنڈر عماد وسیم نے ایک انٹرویو میں شاداب خان کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ اگر پی سی بی قیادت میں تبدیلی کا فیصلہ کرتا ہے تو سلمان علی آغا کی جگہ پاکستان کا ٹی20 کپتان بننے کے لیے وہ سب سے مضبوط امیدوار ہیں۔ عماد نے کہا کہ شاداب کی قائدانہ صلاحیتیں انہیں اس کردار کے لیے سب سے موزوں آپشن بناتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہر کپتان غلطیاں کرتا ہے لیکن میرا ماننا ہے کہ شاداب ٹیم کی موثر قیادت کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ عماد وسیم نے کہا کہ میرے خیال میں یہ صحیح وقت ہے اور میں کسی اور اس پوزیشن پر نہیں دیکھ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شاداب واحد آدمی رہ گیا ہے وہ سمیل کو جاتا ہے، ظاہر ہے جب آپ کپتانی کر رہے ہوں گے تو آپ غلطیاں کریں گے لیکن بڑی غلطیاں نہیں۔ سابق کرکٹر نے کہا کہ میرے خیال میں شاداب صحیح شخص ہیں اگر وہ سلمان کو تبدیل کرنے کا سوچ رہیں ورنہ میں کسی اور کو نہیں دیکھ رہا۔ عماد کا بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب ٹی20 ورلڈ کپ 2025 میں قومی ٹیم کی خراب کارکردگی کے بعد پاکستان کے ٹی20 کپتان سلمان آغا کو ہٹائے جانے کی خبریں سامنے آ رہی ہیں۔ ہر کپتان غلطیاں کرتا ہے، شاداب ٹیم کی موثر قیادت کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں، انٹرویو

ومبلڈن ٹینس چیمپئن شپ، سیرینا ولیمز کو پہلے راؤنڈ میں شکست

آسٹریلیا کی مایا جوائنٹ نے تین سیٹ کے مقابلے کے بعد ہرا دیا، سیرینا ایک سیٹ جیت سکیں

واشنگٹن (این این آئی) آٹھ بار کی ومبلڈن ٹینس چیمپئن امریکا کی سیرینا ولیمز چار برس بعد اپنٹ میں اپنی واپسی کو خوشگوار نہ بنا سکیں، انہیں پہلے راؤنڈ میں شکست ہوگئی، آسٹریلیا کی مایا جوائنٹ نے تین سیٹ کے مقابلے کے بعد ہرا دیا۔ لندن کے آل انگلینڈ کلب میں جاری سال کے تیسرے گرینڈ سلم ٹورنامنٹ میں ویمن اپنٹ میں ڈیئے ٹینس کی نامور کھلاڑی امریکا کی سیرینا ولیمز کی واپسی اس کورٹ پر چار سال کے بعد ہوئی تھی مگر وہ پہلے راؤنڈ سے آگے نہ جا سکیں۔ چالیس سالہ سیرینا ولیمز نے آسٹریلیا کی مایا جوائنٹ کا پورے تین سیٹ مقابلہ کیا، وہ دو پہلا سیٹ جیتنے کے بعد ہار گئیں، دوسرا سیٹ انہوں نے ٹائی بریکر پر سات پوائنٹ کے اسکور سے جیتا لیکن تیسرے سیٹ میں وہ صرف تین گیم جیت سکیں اور وہ ایک کے اسکور سے شکست کھا گئیں۔ ویمن اپنٹ کی نمبر آٹھ سیڈ ایلینا سیتولینا بھی ہار گئیں، انہیں سی کورٹ نے سیٹ میں سات پانچ اور چھ دو سے مات دے دی۔ نمبر دو سیڈ ریبا کینا نے بھی اپنا میچ جیت لیا، انہوں نے ڈانون سینڈرز تین سیٹ کے مقابلے کے بعد چھ ایک، دو چھ اور چھ تین سے شکست دی۔ میزبان سٹفنز کے نمبر دو سیڈ جرمنی کے ایلگزینڈر زیویریو نے چار سیٹ کے مقابلے کے بعد ڈیوپ مقابلے کا بعد ہیلیم ہارکیسک کو شکست دی، جبکہ سوئٹزرلینڈ کے امین ویلا بھی ہار گئے

وزیراعلیٰ پنجاب انٹر ڈویژن کبڈی چیمپئن شپ کے سنسنی خیز مقابلے جاری

ساہیوال، لاہور، گوجرانوالہ اور فیصل آباد ڈویژن کی ٹیموں نے سیمی فائنل کھیلنے کو الیفائی کر لیا

لاہور (این این آئی) سپورٹس بورڈ پنجاب کے زیر اہتمام وزیراعلیٰ پنجاب انٹر ڈویژن کبڈی چیمپئن شپ کے سنسنی خیز مقابلے جاری ہیں، جن میں ساہیوال، لاہور، گوجرانوالہ اور فیصل آباد ڈویژن کی ٹیموں نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے سیمی فائنل کے لیے کوالیفائی کر لیا ہے۔ ترجمان محکمہ سپورٹس کے مطابق پول میچز میں لاہور ڈویژن نے بہاولپور ڈویژن کو 19 کے مقابلے میں 36 پوائنٹس سے شکست دی جبکہ ساہیوال ڈویژن نے ملتان ڈویژن کو سخت مقابلے کے بعد 30 کے مقابلے میں 36 پوائنٹس سے ہرایا۔ ایک اور دلچسپ مقابلے میں سرگودھا ڈویژن نے بہاولپور ڈویژن کو سخت مقابلے کے بعد 34 کے مقابلے میں 36 پوائنٹس سے شکست دی۔ لاہور ڈویژن نے اپنے دوسرے میچ میں بھی عمدہ کھیل پیش کرتے ہوئے ملتان ڈویژن کی 31 کے مقابلے میں 36 پوائنٹس سے زیر کر لیا۔ چیمپئن شپ کا پہلا سیمی فائنل ساہیوال اور گوجرانوالہ ڈویژن کے درمیان کھیلا جائے گا

فرانس کے ایم باپے کا میگا ایونٹ کی تاریخ میں سب سے زیادہ گول کرنے والوں میں دوسرا نمبر

اُن کے گولز کی تعداد 18 ہوگئی ہے، ایم باپے کے دو گول انہیں مزید ریکارڈ کے مالک بنا گئے

نیویارک (این این آئی) ڈیئے فابال کے اسٹار کلاڑی فرانس کے ایم باپے سوئیڈن کے خلاف دو گول اسکور کر کے میگا ایونٹ کی تاریخ میں سب سے زیادہ گول کرنے والوں کی فہرست میں دوسرے نمبر پر آ گئے ہیں، اُن کے گولز کی تعداد 18 ہوگئی ہے۔ ایم باپے کے دو گول انہیں مزید ریکارڈ کے مالک بنا گئے، اب وہ فٹ بال ورلڈ کپ کی تاریخ میں مجموعی طور پر گول کرنے والوں کی فہرست میں دوسرے نمبر پر آ گئے ہیں۔ انہوں نے جرمنی کے سابق فٹ بالر میرو سلاٹکوزے کے 16 گول کرنے کا ریکارڈ توڑ دیا ہے، 18 گولز کے ساتھ وہ ارجنٹینا کے کپتان لیونل میسی سے صرف ایک گول پیچھے رہ گئے ہیں، میسی کے مجموعی گولوں کی تعداد 19 ہے۔ اس کے علاوہ وہ جاری ورلڈ کپ میں چھ گول اسکور کر چکے ہیں، یعنی وہ اس ورلڈ کپ میں چھ گول کرنے والے میسی کے برابر آ گئے ہیں اور گولڈن بوٹ حاصل کرنے کی دوڑ میں شامل ہو چکے ہیں۔ ایم باپے ٹورنامنٹ کے ناک آؤٹ مرحلے میں سب سے زیادہ گول کرنے والے کلاڑی بن گئے ہیں،

چنا ڈوگا: اسپین کی لامین یامل 19 #سٹار اسکول میں تربیت کے دوران ردعمل کا اظہار کر رہی ہیں

پاکستان کے نوجوان ای گیمر ارسلان ایش نے ایک اور ای وی او ٹائٹل اپنے نام کر لیا

لاس ویگاس (این این آئی) پاکستان کے عالمی شہرت یافتہ ای گیمر ارسلان ایش نے ایک بار پھر اپنی صلاحیتوں کا لوہا منواتے ہوئے ایوولوشن چیمپئن شپ (EVO) 2026 کے ٹیکن 8 مقابلوں کا ٹائٹل جیت لیا۔ امریکا کے شہر لاس ویگاس میں کھیلے گئے سٹمی فنیز گرینڈ فائنل میں ارسلان ایش نے جنوبی کوریا کے نامور کھلاڑی ریگ چو کو 2-3 سے شکست دے کر مسلسل چوتھی بار ای وی او لاس ویگاس ٹیکن 8 چیمپئن بننے کا اعزاز حاصل کیا۔ اس تاریخی کامیابی کے ساتھ ارسلان ایش کے مجموعی ای وی او ٹائٹلز کی تعداد 8 ہو گئی ہے، جو انہیں دنیا کے کامیاب ترین ٹیکن کھلاڑیوں میں شامل کرتی ہے۔

لندن: آل انگلینڈ لان ٹینس اور کرکٹ میں چیمپئن شپ ومبلڈن 2026 کے دوسرے روز لیڈز سنگلز کے پہلے راؤنڈ میچ کے دوران اٹلی کی جیسمین پاؤلینی ریاستہائے متحدہ کے اوین سنگھری کے خلاف ایکشن میں ہیں

روزنامہ قوت لاہور

صنعت وتجارت نیوز

انسداد گداگری مہم کو نتیجہ خیز بنانے کے لیے سوشل ویلفیئر، ٹریفک پولیس اور دیگر معاون اداروں کو ذمہ داریاں سونپ دیں گئیں

ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر نے اپنی بیگری مہم پر تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے اب تک کی پیش رفت اور آئندہ کے لائحہ عمل سے آگاہ کیا

فیصل آباد (میاں محمد ساجد) ضلعی انتظامیہ نے انسداد گداگری مہم کو نتیجہ خیز بنانے کے لیے سوشل ویلفیئر، ٹریفک پولیس اور دیگر معاون اداروں کو ذمہ داریاں سونپ دیں۔ انسداد گداگری کے حوالے سے اجلاس ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل کوارڈنیٹر زینب کی زیر صدارت منعقد ہوا جس میں پیشہ ور اور عادی بھکاریوں کے خلاف ایکشن کی حکمت عملی وضع کی گئی۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر، پولیس ٹریفک پولیس، محکمہ سوشل ویلفیئر، ہائیڈ پیشنٹس انسٹیٹیوٹ، ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر اور دیگر افسران نے شرکت کی۔ ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر نے اپنی بیگری مہم پر تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے اب تک کی پیش رفت اور آئندہ کے لائحہ عمل سے آگاہ کیا۔ اجلاس میں متعلقہ محکموں کو باقی تعاون کے کردار ادا کرنے کی ہدایت کی گئی۔

ستے بازاروں میں بھی من مانی قیمتیں، سرکاری ریٹ لسٹیں نظر انداز

پنجاب کے زیر اہتمام قائم کیے گئے ریڑھی بازاروں، کارٹ بازاروں میں من مانی قیمتیں وصول کی جا رہی ہیں

دریاآباد (نامہ نگار) ستے بازاروں میں بھی من مانی قیمتیں، سرکاری ریٹ لسٹیں نظر انداز۔ دریاآباد پنجاب کے زیر اہتمام قائم کیے گئے ریڑھی بازاروں، کارٹ بازاروں میں بھی مہنگائی اور من مانی قیمتوں کا سلسلہ رک نہ سکا۔ دریاآباد کے مختلف مقامات، جن میں ڈبل پھاٹک بازار شامل ہیں، میں شہریوں نے شکایت کی ہے کہ سبزیوں اور پھلوں کی قیمتیں سرکاری نرخ ناموں کے برعکس وصول کی جا رہی ہیں۔ انتظامیہ کی جانب سے فراہم کردہ ریٹ لسٹ باقاعدہ آویزاں کا کہنا ہے کہ جانیں یا چھریں پر ملمد نرخ نہیں ہیں تاہم شہریوں کا کہنا ہے کہ ریٹ لسٹ کی عدم فراہمی اور نظام کا سکول کے سامنے قائم کردہ بازار شاہی میں بھی من مانی قیمتیں وصول کی جا رہی ہیں۔ شہریوں کی جانب سے مطالبہ کیا گی

''قوت'' کلاسیفائیڈ

روزنامہ قوت

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ، اشتہارات صاف اور بے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہوئے چائیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

1 | بقیہ | بقیہ صفحہ

ڈیزل پمپ پائی کے تناسب کا بھی بارکیلا یہ صوبائی وزیر کوسٹرکٹ ہے تاہم کیا کہ جو ڈائی کٹ کا ہو سبب خاصی کوشش کرکے اطلاع ملی ہیں پری مون سون بارشوں کے باوجود ہے۔ خوجہ عبدالرحمٰن رقبے نے دریاں میں پانی کی بچاو کا کام جاری ہے صوبائی وزیر چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے ڈرائیونگ سٹیٹ خوجہ سلمان رفیق نے کہا کہ دریا علی بارکیلا میں مرکم اوٹرشپ کی بدایت پر تمام متعلقہ اداروں کی تیاریاں مکمل ہیں۔ بگاہی سوتوں کے سنٹیے کے لیے متعلقہ محکمے اٹرے ہیں۔ صوبائی کنٹرول روم سب تمام اطلاع کے ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آپریشن سنٹرز علی ارٹ ہیں۔1122 اور واسا سیت کوئٹہ ریسکو اور سیشیری سیت گلے کو الرٹ رکھیں۔ صوبہ ہنجاب کے

آئی جی پنجاب عبدالکریم کی غیر ملکی باشندوں کی سکیورٹی مزید سخت کرنے کا حکم

افغان سمیت غیر قانونی مقیم غیر ملکیوں کے انخلا کی مہم تیز کرنے، انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز جاری رکھنے کی ہدایت

فتنہ الخوارج، فتنہ الہندوستان اور دیگر ملک دشمن عناصر پر کڑی نظر رکھنے، بین الصوبائی سرحدی چوکیوں پر ہائی الرٹ رہنے کا حکم

لاہور: آئی جی پنجاب عبدالکریم چینی و دیگر غیر ملکی باشندوں کی سکیورٹی اور غیر قانونی مقیم غیر ملکیوں کے انخلاء سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لاہور (خبر نگار) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم کی زیر صدارت سنٹرل پولیس آفس میں اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں چینی و دیگر غیر ملکی ماہرین اور باشندوں کی سکیورٹی، افغان سیت غیر قانونی مقیم غیر ملکی افراد کی وطن واپسی کے عمل اور صوبے میں امن وامان کی مجموعی صورتحال کی تفصیلی جائزہ لیا گیا جبکہ اے آئی جی آپریشنز زاہد نواز مروت نے متعلقہ (بقیہ نمبر 3)

آبنائے ہرمز ایران کے کنٹرول میں ہے، سیٹلائٹ کے نہیں، کاظم غریب آبادی

بحرین ہونے والا کوئی بھی فوجی اجلاس نتیجہ کے لیے رد قانونی نظام قائم کر سکتا ہے، یہاں سے ایران میڈیا پورٹس کے مطابق نائب وزیر خارجہ کا کہنا

تہران (این این آئی) ایران کے نائب وزیر خارجہ کاظم غریب آبادی نے کہا ہے کہ آبنائے ہرمز امریکی سیٹلائٹ (سیٹلائٹ) کے نہیں بلکہ ایران کے کنٹرول میں ہے۔ ایرانی میڈیا رپورٹس کے مطابق نائب وزیر خارجہ کا کہنا تھا کہ بحرین کہ ہونے والا کوئی بھی فوجی اجلاس نتیجہ کے لیے رد قانونی نظام قائم کر سکتا ہے۔

چابہار قونصل جنرل ندیم شاہ سے ٹیکسٹائل سیکٹر کے وفد کی ملاقات

عمران کھوکھر، خواجہ بلال حسن کی ٹیکسٹائل سیکٹر میں چابہار کے تجربے سے مستفید ہونے کا عزم

کراچی (این این آئی) چابہار کے اعزازی قونصل جنرل سید ندیم عالم شاہ سے سی ای او، سک رے ٹیکسٹائل عمران احمد کھوکھر، سی ای او، پولی کنکٹر خواجہ بلال حسن اور ٹیکسٹائل ماہر خواجہ مطاہر نے کہا ہے کہ حریت رہنماؤں سمیت ہزاروں کشمیریوں کو غیر قانونی طور پر جیلوں میں بند کیا گیا ہے اور بھارتی حکام اوقیے تھکنڈوں کے ذریعے ان کی نظر بندی کو طول دے رہے ہیں۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق حریت کانفرنس کے ترجمان ایڈوکیٹ عبدالرشید منہاس نے سرینگر

بھارت نے حریت رہنماؤں سمیت 3 ہزار سے زائد کشمیر جیلوں میں بند کر رکھے ہیں

حریت کانفرنس کی عالمی اداروں سے نظر بندوں کی رہائی کیلئے کردار ادا کرنے کی اپیل

سری نگر (این این آئی) بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں وکشمیر میں علی جناحی حریت کانفرنس نے کہا ہے کہ حریت رہنماؤں سمیت ہزاروں کشمیریوں کو غیر قانونی طور پر جیلوں میں بند کیا گیا ہے اور بھارتی حکام اوقیے تھکنڈوں کے ذریعے ان کی نظر بندی کو طول دے رہے ہیں۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق حریت کانفرنس کے ترجمان ایڈوکیٹ عبدالرشید منہاس نے سرینگر میں جاری ایک بیان میں کہا کہ حریت رہنماؤں، جن میں چیئرمین علی گیلانی، میر واعظ عمر فاروق اور یاسین ملک شامل ہیں، ہزار سال بھارتی تھیٹرل ایوسی ایشن، کشمیر ایجنسی (این این آئی اے)، بٹیلٹ اینٹیلی ایجنسی (ایس آئی اے) اور انٹیلیجنس ڈائریکٹوریٹ (ای ڈی) وغیرہ کو کشمیریوں کو سیاسی انتقام کا نشانہ بنانے کیلئے بڑے پیمانے پر استعمال کیا جا رہا ہے۔

لاہور: ایف پی سی سی آئی، بیجنگ چیئر مین ڈاکٹر سید محمد رزاق اور وائس چیئرمین ڈاکٹر محمد اسلم خان کے وفد کی پاکستان کے سفیر کے ہمراہ ہارباہ سٹور کی پاکستان کے اعتماد کے حوالے سے پینل کانفرنس کر رہے ہیں

ورلڈ اسپورٹس جرنلسٹس ڈے تقریب، وزیر اطلاعات نے کیک کاٹا

اسپورٹس جرنلسٹس کو ہر ممکن سہولیات فراہم کریں گے، عطاء اللہ تارڑ کا تقریب سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے سپورٹس جرنلسٹس کیساتھ کیک بھی کاٹا۔ مقامی ہوٹل کے تعاون سے منعقدہ تقریب میں وزیر اعظم کے مشیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے سپورٹس جرنلسٹس کیساتھ کیک بھی کاٹا۔ مقامی ہوٹل کے تعاون سے منعقدہ تقریب میں وزیر اعظم کے

اے این ایف کا ملک گیر کریک ڈاؤن، 4 کروڑ سے زائد مالیت کی منشیات برآمد

مختلف کارروائیوں کے دوران 316 کلوگرام سے زائد منشیات برآمد، 5 ملزمان گرفتار

سی این جی اسٹیشن کے قریب گاڑی سے 3.450 کلوگرام آئس برآمد کر کے ایک ملزم کو گرفتار

لاہور (این این آئی) اینٹی نارکوٹکس فورس نے ملک بھر میں کارروائیاں کرتے ہوئے 4 کروڑ روپے سے زائد مالیت کی منشیات برآمد کر لی۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق ملک کے مختلف شہروں میں منشیات اسمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 7 کارروائیوں کے دوران 5 ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا۔ ان کارروائیوں کے دوران 4 کروڑ 4 لاکھ روپے سے زائد مالیت کی 316.724 کلوگرام منشیات برآمد کی گئی جبکہ تمام مقدمات انسداد منشیات ایکٹ 1997 کے تحت درج کر کے تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ اے این ایف کے مطابق سالکوٹ ایئرپورٹ پر سعودی عرب جانے والے ایک مسافر کے سامان میں موجود 7 اٹھ اموں میں چذب کی گئی 12.160 کلوگرام آئس برآمد کی گئی جبکہ فیصل آباد کے ایک کوریئر آفس میں سعودی عرب بھیجے جانے والے پارسل میں موجود کپڑوں میں جذب کی گئی

کشمیری تاجر مبین شاہ کی جائیداد کی ضبطی سیاسی انتقام کے سوا کچھ نہیں، ڈی ایف پی

بنیادی انسانی حقوق، انصاف اور قانون کی حکمرانی کے اصولوں کی صریح خلاف ورزی ہے

بھارت بھی جبر واستبداد کی کارروائیوں سے کشمیریوں کا حق خود ارادیت کے مطالبے پر گرفت مزید نہیں کر سکتا

سری نگر (این این آئی) بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں وکشمیر میں ڈیموکریٹک فریڈم پارٹی نے ممتاز کشمیری تاجر اور تحریک آزادی کے سرگرم حمایتی و اسٹیبلیشمنٹ احمد شاہ کی جائیداد کی ضبطی کی شدید مذمت کی ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق کے ڈی ایف پی کے ترجمان ایڈوکیٹ ارشد اقبال نے سرینگر میں جاری ایک بیان کہا کہ مبین احمد شاہ ایک باوقار کاروباری شخصیت ہیں اور وہ کشمیری عوام کے حق خود ارادیت کی حمایت میں طویل عرصے سے آواز بلند کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی چہرہ دستیوں کی وجہ سے انہیں بیرون ملک جانا پڑا ہے

لاہور: چیئرمین اسٹینڈنگ کونسل ورکن پنجاب اسمبلی ملک شہباز کھوکھر سے پارٹی رہنماء اور کارکنان ملاقات کر رہے ہیں

چیئرمین اسٹینڈنگ کونسل ملک شہباز کھوکھر کی پارٹی رہنماؤں، کارکنوں، حلقے کی عوام سے ملاقات

حکومت پسے ہوئے طبقات کو قومی دھارے میں شامل کرنے کیلئے کئی طرح کے منصوبوں پر عمل پیرا ہے، گنڈاپور

لاہور (این این آئی) سدر پاکستان مسلم لیگ (ن) لاہور ملک سیف الملوک کھوکھر کی جانب سے چیئرمین اسٹینڈنگ کونسل ورکن پنجاب اسمبلی ملک شہباز علی کھوکھر نے پلک سکریٹریٹ این اے 126 اور پی پی 162 میں پارٹی رہنماؤں، کارکنوں اور حلقے کی عوام سے ملاقات کی۔ شہباز کھوکھر نے ای ایف پی کے سابق سپریم لیڈر علی خامنہ ای کی سرکاری آخری رسومات سے قبل قوم کے نام اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ ان کے رہنما کی شہادت کسی سفر کا اختتام نہیں بلکہ ایک نئے باب کا آغاز ہے۔ ایرانی نشریاتی ادارے سے

علی خامنہ ای کی شہادت جدوجہد کا اختتام نہیں نئے باب کا آغاز ہے، پزشکیان

ہمارے رہنما کی شہادت اس راستے کا اختتام نہیں بلکہ ایک نئے باب کی شروعات ہے، خصوصی پیغام

تہران (این این آئی) ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے سابق سپریم لیڈر علی خامنہ ای کی سرکاری آخری رسومات سے قبل قوم کے نام اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ ان کے رہنما کی شہادت کسی سفر کا اختتام نہیں بلکہ ایک نئے باب کا آغاز ہے۔ ایرانی نشریاتی ادارے کے

صوبائی وزیر خواجہ سلمان رفیق کا پی ڈی ایم اے پنجاب کا دورہ

6 جولائی تک لاہور سمیت پنجاب کے مختلف اضلاع میں پری مون سون بارشوں کی پیشگوئی ہے، خواجہ سلمان رفیق نے دریاوں میں پانی کے بہاو کا بھی جائزہ لیا

پی ڈی ایم اے کنٹرول روم میں صورتحال کی مانیٹرنگ 24/7 جاری ہے۔ شہری کچے مکانات اور بوسیدہ عمارتوں سے دور رہیں، ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے عمر جاوید

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر خواجہ سلمان رفیق نے پی ڈی ایم اے پنجاب کا دورہ کیا۔ صوبائی وزیر نے پی ڈی ایم اے کنٹرول روم کا دورہ کیا اور موسمی صورتحال کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے عمر جاوید نے بارشوں اور ڈیزی کی صورتحال تک لاہور سمیت پنجاب کے مختلف اضلاع میں پری مون سون بارشوں کی پیشگوئی ہے، خواجہ سلمان رفیق نے دریاوں میں پانی کے بہاو کا بھی جائزہ لیا تازہ صورتحال بارے تفصیلی بریفنگ دی۔ خواجہ سلمان رفیق نے بھارتی (بقیہ نمبر 1)

لاہور صوبائی وزیر خواجہ سلمان رفیق پی ڈی ایم اے کنٹرول روم میں ڈیزی مون سون کی تازہ صورتحال کا جائزہ لے رہے ہیں

عوام کی جان ومال کے تحفظ کیلئے اہم فیصلے کیے جائینگے: خواجہ عمران نذیر

صوبے میں قائم غیر قانونی اسکولوں اور ٹیوشن سینٹرز کے خلاف موثر اور بلا امتیاز کارروائی کی جائیگی

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت و آبادی خواجہ عمران نذیر نے سرمہر اسپتال کا دورہ کر کے باغبانپورہ میں پیش آنے والے المناک واقعہ کے زخمیوں کی عیادت کی۔ انہوں نے زخمیوں کی خیریت دریافت کی، علاج معالجے کے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا اور اسپتال انتظامیہ کو ہدایت کی کہ تمام زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے۔ میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے صوبائی وزیر صحت و آبادی خواجہ عمران نذیر نے کہا کہ ابتدائی اطلاعات کے مطابق باغبانپورہ میں جنریٹر پھٹنے کے بعد جو آگ لگنے کا واقعہ پیش آیا تاہم واقعے کی نوعیت اور اسباب کے تعین کے لیے تحقیقات جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب میرٹ (بقیہ نمبر 2)

صوبائی وزیر صحت و آبادی خواجہ عمران نذیر باغبانپورہ واقعے کے زخمیوں کی عیادت کر رہے ہیں

قابض فورسز عسکریت پسندوں کا سراغ لگانے میں تاحال ناکام

مقبوضہ جموں وکشمیر، راجوری کے جنگلات میں بھارتی فورسز کا آپریشن 41 ویں روز بھی جاری

سری نگر (این این آئی) بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں وکشمیر کے ضلع راجوری کے ڈورسل اور گھنیر مغلاں جنگلاتی علاقے میں بھارتی بھارتی فورسز کا حلاتی آپریشن مسلسل 41 ویں روز بھی جاری رہا۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق تحصیل منگاوت کے علاقوں ڈورسل اور گھنیر مغلاں میں قابض بھارتی فورسز نے یہ آپریشن 23 مئی کو شروع کیا تھا۔ آپریشن میں بھارتی فورسز کے ہزاروں اہلکار، جنگی ہیلی کاپٹر، ڈرون، سراغ رساں کے حصے لے رہے ہیں۔ طویل آپریشن کے باعث علاقہ مکمل طور پر ایک جنگی زون کا منظر پیش کر رہا ہے۔ بھارتی فورسز علاقے کے دیہات کی بار بار تلاشی لے رہی ہیں، رہائش اہلکار گھروں میں گھس کر خواتین اور بچوں سمیت کیمپوں کو سخت ہراسان کر

سکھر میں نکاسی آب کا نظام تباہ، شہریوں کا انتظامیہ کے خلاف شدید احتجاج

وجہ سے شہریوں کو آنے جانے میں سخت تکلیف درپیش ہو گئی ہے اور کاروبار بھی متاثر ہو رہا ہے

سکھر (این این آئی) سکھر انتظامیہ کی بھرانہ غفلت، سکھر شہر کے مختلف علاقوں میں نکاسی آب کا نظام تباہ، نالیاں اور گٹر ابل پڑے، سڑکیں تباہ، شہریوں اور مسافر گاڑیوں کو آمد و رفت میں مشکلات کا سامنا، سماجی حلقوں کا بالا ہکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق سکھر انتظامیہ، سکھر میونسپل کارپوریشن، سندھ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے افسران و عملے کی (بقیہ نمبر 4)

اسرائیلی حملوں کے دوران ایران کا 5 ہزار سے زائد میزائل داغنے کا دعویٰ

ایران کا اسرائیل پر 5 ہزار سے زائد میزائل داغنے کا دعویٰ، اسرائیل کا 2 ہزار سے زائد میزائل داغنے کا دعویٰ

سرگودھا، خاتون کے مقدمہ قتل کا فیصلہ، قاتل کو سزائے موت اور دو لاکھ روپے جرمانہ کی سزا کا حکم

سرگودھا (این این آئی) عدالت نے تین سال قبل قتل ہونے والی خاتون کے مقدمہ قتل کا فیصلہ سناتے ہوئے قاتل کو سزائے موت اور دو لاکھ روپے جرمانہ کی سزا کا حکم سنا دیا۔ زرائع کے مطابق سرگودھا کے قصبہ بھاگنوالہ کے رہائشی 32 سالہ قتل خاتون شاہین کو شرکت کے گھاٹ اتار دیا گیا جس پر خاتون بھاگنوالہ پولیس نے شرکت علی کے خلاف مقدمہ قتل 302/34/311 درج کر کے چالان مرتب کیا اور عدالت کے جج نے فیصلہ سناتے ہوئے قاتل شرکت علی کو سزائے موت اور 2 لاکھ روپے جرمانہ کی سزا کا حکم سنا دیا۔

سرگودھا میں فائرنگ سے نوجوان جاں بحق، ایک ماہ بعد شادی تھی

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا شہر میں نوجوانوں کے درمیان جھگڑا میں تقاتب پر فائرنگ کر کے نوجوان کو قتل اور دوسرے کو زخمی کر دیا گیا مقتول کی ایک ماہ بعد شادی بتلائی جا رہی ہے۔ جن کو اسپتال منتقل کر دیا گیا اور پولیس موقع پر پہنچ کر مصروف تفتیش ہے۔ زرائع کے مطابق علاقہ مقام حیات میں روشان ہوم سے مہمان آئے نوجوانوں اور مقامی نوجوانوں میں کسی بات پر ہوئے والے جھگڑا کی رنجش میں تقاتب پر فائرنگ کر کے روشان ہوم کے 20 سالہ نوجوان علو اور دوسرے نوجوان زیر کشمید زخمی کر دیا گیا جن کو ڈی ایچ کیو ٹیچنگ اسپتال لیجایا گیا کیونکہ نوجوان طبر تیسے میں گولی لگنے کے باعث دم توڑ گیا۔

لاہور: زیر تعمیر عمارت گرنے سے بچہ جاں بحق، 4 افراد زخمی

لاہور (این این آئی) بامبانوالہ نزد ویمن کالج روڈ کے علاقے میں زیر تعمیر عمارت گرنے سے ایک بچہ جاں بحق جبکہ 4 افراد زخمی ہو گئے۔ ریسکیو 1122 کے مطابق عمارت کی چھت ڈی گرڈ رے بنی ہوئی تھی جو اچانک بیٹھ گئی، حادثے کے بعد ملبے تلے متعدد افراد دب گئے۔ ریسکیو اہلکاروں نے فوری کارروائی کرتے ہوئے ملبے سے 4 افراد کو نکال کر ہسپتال منتقل کر دیا

بھارت کا ایٹمی آبدوز کا تجربہ، 3 میزائل داغے

بھارت کا ایٹمی آبدوز کا تجربہ، 3 میزائل داغے

سرگودھا: شدید آندھی اور طوفان میں آسمانی بجلی گرنے کے واقعہ میں 24 سالہ نوجوان جاں بحق

سرگودھا (این این آئی) شدید آندھی اور طوفان میں آسمانی بجلی گرنے کے واقعہ میں 24 سالہ نوجوان جاں بحق ہو گیا۔ زرائع کے مطابق سرگودھا ریجن میں شدید آندھی اور طوفان کے دوران قادمآباد کے علاقہ نتھیال شاہی میں آسمانی بجلی گرنے سے گھر کے باہر کھڑا 24 سالہ نوجوان نعمان شدید زخمی ہوا۔

مقبوضہ جموں وکشمیر میں ڈرلز کے جھٹکے

سرینگر (این این آئی) بھارت کے غیر قانونی زیر قبضہ جموں وکشمیر کے کئی حصوں میں ڈرلز کے بلکے جھٹکے محسوس کیے گئے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق بدھ کی رات ڈرلز کے علاقے کے کئی حصوں میں بلکے جھٹکے محسوس کیے گئے۔ ڈرلز کا مرکز 185 کلومیٹر کی گہرائی میں افغانستان کے ہندوکش کے علاقے میں تھا۔ ڈرلز کے جھٹکے، وادی کشمیر کیساتھ ساتھ جموں خطے کے کچھ حصوں میں بھی محسوس کیے گئے۔ بہت سے لوگ اس دوران گھروں سے باہر آگئے۔

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
ایڈیٹر	صدف لطائف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ڈائریکٹر	چوہدری عمران شوکت
گروپ ایڈیٹر	علی حسین نیازی
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
ڈپٹی ایڈیٹر	شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	بیرسٹر ایڈووکیٹ بیرسٹر

بیلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔ آفس نمبر 2 ڈیسی کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

سی پی ڈی پنجاب منصوبے کے تحت عالمی معیار کے فائیو اسٹار ہوٹل کی تعمیر میں اہم پیشرفت

فائیو اسٹار ہوٹل منصوبے کے ڈویلپر کے انتخاب کے لیے معروف کمپنیوں نے تجاویز جمع کرا دیں

لاہور (این این آئی) سنٹرل بزنس ڈسٹرکٹ (سی پی ڈی) پنجاب کے فائیو اسٹار ہوٹل منصوبے میں اہم پیش رفت سامنے آئی ہے جہاں عالمی معیار کی مہمان نوازی کے لیے منصوبے کے ڈویلپر کے انتخاب کا مرحلہ مکمل کر لیا گیا۔ ترجمان پی ڈی پی پنجاب کے مطابق منصوبے کے تحت لاہور میں عالمی شہرت یافتہ ہوٹل چین کی آمد کی راہ ہموار کی جا رہی ہے جس سے شہر میں بین الاقوامی معیار کی کاروباری اور سیاحتی سہولیات میسر آئیں گی۔ ترجمان کا کہنا ہے کہ فائیو اسٹار ہوٹل منصوبے کے ڈویلپر کے انتخاب کے لیے معروف کمپنیوں کو ڈیجیٹل ٹرانزیکٹ کی جائزہ لے کے بی این ایچ تجاویز جمع کرائی ہیں۔ اس تجاویز کا تکنیکی اور مالیاتی جائزہ مکمل ہونے کے بعد کامیاب بیڈی کو لیٹر آف ایوارڈ جاری کیا جائے گا جس کے بعد منصوبے پر باقاعدہ عمل کا آغاز ہوگا۔ سی پی ڈی پنجاب کے مطابق یہ منصوبہ اربوں کمائی کرنے اور سیاحتی تشنیع پر مزید نمایاں کرنے میں اہم کردار ادا کرے گا، جبکہ اس سے غیر ملکی سرمایہ کاری، سیاحت اور معاشی معیشت کو بھی فروغ ملے گا۔ ترجمان نے بتایا کہ فائیو اسٹار ہوٹل منصوبے کی افتتاحی تقریب جلد منعقد کیے جانے کا امکان ہے۔

ایگزیکٹو ڈائریکٹر نواز گوندل کی خوش نصیب ملازمین کو مبارکباد

بیت اللہ کی سعادت اللہ تعالیٰ کی خصوصی عنایت اور مومن کی خوش نصیبی ہے، ایگزیکٹو ڈائریکٹر الحمراء محمد نواز گوندل

لاہور (این این آئی) الحمراء آرٹس کونسل الحمراء کے زیر اہتمام سرکاری جشن آزادی کے تحت افسران و ملازمین کے لیے حج قرعہ اندازی کی پروقار تقریب منعقد ہوئی۔ تقریب میں ایگزیکٹو ڈائریکٹر الحمراء محمد نواز گوندل نے قرعہ اندازی کی، جس کے نتیجے میں کلرک غلام مصطفیٰ اور سیکیورٹی گارڈ غلام رسول کو دئی مبارکباد پیش کی گئی اور ان کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا گیا۔ ایگزیکٹو ڈائریکٹر الحمراء آرٹس کونسل الحمراء محمد نواز گوندل نے اپنے خطاب میں کہا

لاہور: مزار داتا دربار حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری پر حاضری کے موقع پر ایڈمنسٹریٹر داتا دربار بلال خان کے ہمراہ کامن ٹریننگ پروگرام کے زیر تربیت افسران کے دفد کا گروپ فوٹو

لاہور مہلک حادثات کے ذمہ دار ڈرائیوروں کے لائسنس معطل کرنے کا فیصلہ

مہلک حادثے کی صورت میں لائسنس کی بحالی عدالت حکم سے مشروط ہوگی، سی ٹی او عبدالرحیم شیرازی

غیر ذمہ دارانہ ڈرائیونگ پر بھی 6 ماہ سے 3 سال تک لائسنس معطل ہوگا، خلاف ورزی پر مقدمہ درج کیا جائیگا

لاہور (این این آئی) چیف ٹریفک آفیسر لاہور سید عبدالرحیم شیرازی کے ٹریفک حادثات کے روک تھام کے لیے غیر ذمہ دارانہ ڈرائیونگ کے خلاف سخت کارروائی کا فیصلہ کرتے ہوئے مہلک اور گھین حادثات میں ملوث ڈرائیوروں کے ڈرائیونگ لائسنس معطل کرنے کے احکامات جاری کر دیے ہیں۔ انہوں نے غیر ذمہ دارانہ ڈرائیونگ پر بھی ڈرائیور کا لائسنس معطل کرنے کا حکم دیتے ہوئے کہا کہ لا (بقیہ نمبر 6)

تمام سیورج لائنوں کی صفائی اور مین ہولز پر حفاظتی کورز کی تنصیب یقینی بنائی جائے، ڈپٹی کمشنر رحیم یار خان

تمام میونسپل ادارے سیورج لائنوں کا مکمل ریکارڈ مرتب اور مین ہولز کو ہونے کا خطرہ ختم کر دائیں، ظہیر انور جتوئی

ریم یار خان (این این آئی) ڈپٹی کمشنر ظہیر انور جتوئی کی زیر صدارت کارکردگی انڈیکیٹرز اور عملوں کی سرمہر ڈیلیوری کا جائزہ اجلاس مون سیزن سے قبل تمام سیورج لائنوں کی صفائی اور مین ہولز پر حفاظتی کورز کی تنصیب یقینی بنانے کی ہدایت۔ اسسٹنٹ کمشنر، ضلع کونسل، میونسپل کمیٹیز، ٹریکل کونسلز، نمبردار اور آئمہ مساجد کو مشترکہ طور پر آگاہی مہم چلانے کی ہدایت۔

ناروال: سقوط پنجاب کا ایکبار چوک بھیجی گھر میں آرٹ وال کو دھو رہا ہے

آیت اللہ علی خامنہ ای کی آخری رسومات کے بعد مذاکرات ہونگے، قطر

ایرانی اور قطری حکام اعلیٰ سطحی وفود میں امریکی اور ایرانی مذاکرات کاروں کے ساتھ الگ الگ اجلاس ہوئے ہیں، ترجمان خارجہ

اسلام آباد/دوحہ (این این آئی) قطر کی جانب سے دعوی کیا گیا ہے کہ امریکا اور ایران کے درمیان دوحہ میں جاری بالواسطہ مذاکرات میں ثبت پیش رفت ہوئی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکی وفد عدالت سے جنگ کا کیس پر کیم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کی تدفین کے بعد ایران اور امریکا کے درمیان مذاکرات دوبارہ شروع ہوں گے۔

بچوں کو سوشل میڈیا کا عادی بنانے کے الزامات، میٹا کو امریکی عدالت میں برادچہا

پلیٹفارم میں امریکی ڈسٹرکٹ جج ایوون گونزالیز راجرز نے میٹا کی مقدمہ خارج کرنے کی درخواست مسترد کر دی

واشنگٹن (این این آئی) ٹیس کب اور انسٹاگرام کی مالک کمپنی میٹا کو سوشل میڈیا پلیٹ فارم کے ذریعے بچوں کو عادی بنانے کے مقدمے میں قانونی دھچکا لگا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکی وفاقی عدالت نے میٹا کی مقدمہ خارج کرنے کی استدعا کو مسترد کر دیا ہے۔ امریکا کی 29 ریاستوں کے اٹارنی جنرلز نے میٹا کے خلاف مقدمہ دائر کرتے ہوئے

لاہور: صدر لاہور چیمبر نیم الرحمٰن سہگل لاہور کالج آف ویمن یونیورسٹی کے ساتھ مفاہمتی یادداشت پر دستخط کے بعد اس چالنجر پروفیسر ڈاکٹر عظمیٰ قریشی کو ایکاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں

ایف بی آر کے ریجنل کمشنر کا ٹیکس دہندگان کو ریلیف دینے کا اعلان

ایف بی آر کے ریجنل کمشنر کا ٹیکس دہندگان کو ریلیف دینے کا اعلان، ٹیکس دہندگان کو ریلیف دینے کا اعلان

سرگودھا میں ڈیزی کی تیاری کے لیے ڈرائیوروں کا ٹیسٹ

سرگودھا میں ڈیزی کی تیاری کے لیے ڈرائیوروں کا ٹیسٹ، ڈیزی کی تیاری کے لیے ڈرائیوروں کا ٹیسٹ

ایف بی آر کے ریجنل کمشنر کا ٹیکس دہندگان کو ریلیف دینے کا اعلان

ایف بی آر کے ریجنل کمشنر کا ٹیکس دہندگان کو ریلیف دینے کا اعلان، ٹیکس دہندگان کو ریلیف دینے کا اعلان

سرگودھا میں فائرنگ سے نوجوان جاں بحق، ایک ماہ بعد شادی تھی

سرگودھا میں فائرنگ سے نوجوان جاں بحق، ایک ماہ بعد شادی تھی

سرگودھا میں ڈیزی کی تیاری کے لیے ڈرائیوروں کا ٹیسٹ

سرگودھا میں ڈیزی کی تیاری کے لیے ڈرائیوروں کا ٹیسٹ، ڈیزی کی تیاری کے لیے ڈرائیوروں کا ٹیسٹ